تعلیمی، معاشی اور سیاسی ترقی کا ترجمان

Daily AZAN-E-SAHER Quetta

روزنامہ INTER NATIONAL

Email-azanesaher@gmail.com

اذان سحر انٹرنیشنل کوئٹہ

ایڈیٹر

یونس شاہ

قیمت: 10 روپے

PH: 081-2868460 Fax:081-2868461

جلد نمبر 15 | 20 ستمبر 2026، 27 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 102

وزیراعلیٰ بلوچستان ایوی ایشن کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں، صوبائی وزیر ظہور بلیدی

بلیدہ کے طلبہ و طالبات کو یونیورسٹی آف تربت تک باقاعدہ شٹل سروس کی سہولت فراہم کرنا اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے

تربت: بلیدہ (خ ن) صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی کی جانب سے یونیورسٹی آف تربت میں زیر تعلیم بلیدہ کے طلبہ و طالبات کے لیے فراہم کردہ بس نے باقاعدہ طور پر اپنی شٹل سروس کا آغاز کر دیا ہے۔ بس روزانہ صبح و شام بلیدہ سے تربت یونیورسٹی اور واپسی کے روٹ پر طلبہ و طالبات کو سفری سہولت فراہم کرے گی۔ شٹل سروس کے آغاز سے بلیدہ اور گرد و نواح کے طلبہ و طالبات کے لیے یونیورسٹی آف تربت تک رسائی مزید آسان ہو گئی ہے، جس سے انہیں روزانہ آمد و رفت کے مسائل اور اضافی سفری اخراجات سے بھی بڑی حد تک نجات ملے گی۔ اس اقدام سے علاقے کے نوجوانوں کے لیے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے مواقع مزید وسیع ہونے کی توقع ہے۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ طلبہ و طالبات کو سفری اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کوئی احسان نہیں بلکہ عوامی نمائندے کی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ماکی ڈیم پمپنگ اسٹیشن دہشت گرد حملے کی تحقیقات، کمیشن کی کھلی عدالت میں سماعت، متعدد افراد طلب کو نوٹس

کوئٹہ (آئی این پی) تحقیقاتی کمیشن کے ایک اعلامیہ کے مطابق ماکی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جسٹس عامر نواز رانا نے آج 9 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران علاقے کے لوگ

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ غیر قانونی کرش پلانٹس کیخلاف انتظامیہ کا کریک ڈاؤن 13 افراد گرفتار

عدالتی احکامات کی خلاف ورزی پر متعدد کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی، انتظامیہ کا سخت ایکشن

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی محکمہ داخلہ بلوچستان کے نوٹس اور عدالت عالیہ کے احکامات پر عملدرآمد کے سلسلے میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ مشیر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ہیدری کاشف اسر نے غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف سخت اور وسیع پیمانے پر کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران مختلف علاقوں میں قائم کرش پلانٹس کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ عدالتی احکامات اور متعلقہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انتظامیہ نے متعدد

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

بلوچستان اسمبلی کی پی اے سی کا پی ایچ ای گوادر کی 590.813 ملین روپے کی بے ضابطگیوں پر سخت ایکشن

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس چیئرمین کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں کمیٹی کے اراکین عبید گورگیج، فضل قادر مندوخیل، رحمت صالح بلوچ اور صفیہ فضل نے شرکت کی، جبکہ اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری نے خصوصی

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ہنگلاج مندر میں اربوں روپے کے ترقیاتی دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں، کھمی شام لعل لاسی

اوتھل (خ ن) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی اقلیتی رہنما اور سابق رکن بلوچستان اسمبلی کھمی شام لعل لاسی نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے سربراہ جمعیت کی تجاویز کو مد نظر رکھتے ہوئے عملی اقدامات کیے جائیں سربراہ جمعیت نے ہمیشہ اقتدار کی سیاست سے بالاتر ہو کر ملک و قوم کی

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

منی لانڈرنگ و دہشتگردی کی مالی معاونت کیخلاف نگرانی سخت، ایف بی آر کا نیا نظام نافذ

سونا چاندی کے تاجر، وکلا اور ڈاکٹرز اور اکاؤنٹنٹ سمیت دیگر شعبے زد میں آئیں گے

اسلام آباد (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی مالی معاونت کے خلاف نگرانی مزید موثر بنانے کے لیے غیر مالیاتی کاروباری و پیشہ ورانہ اداروں کی نگرانی کا نظام سخت کرتے ہوئے افسران کے دائرہ اختیار میں بڑی تبدیلی کر دی ہے۔ ایف بی آر نے انسداد منی لانڈرنگ قانون کے تحت ڈی این ایف بی پیز ریگولیشنز 2020 میں اہم ترمیم کرتے ہوئے نان فنانشل بزنسز اینڈ پروفیشنز کی نگرانی کا موجودہ نظام تبدیل کر دیا ہے۔ افسران کے نئے دائرہ اختیار کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے، نئے نظام کے تحت اب منی لانڈرنگ اور دہشتگردی کی

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ میں سرکاری نرخ کی خلاف ورزی پر 11 نان بائی گرفتار، جیل منتقل

کوئٹہ (آئی این پی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ نے سرکاری نرخ کی خلاف ورزی کرنے والے نان بائیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پاکستان کی تیزی سے بڑھتی آبادی وسائل پر دباؤ بڑھا رہی ہے، منصوبہ بندی

زمین اور پانی کے موثر استعمال کے لیے مربوط اور جامع منصوبہ بندی ناگزیر ہے، وفاقی وزیر پلاننگ

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تیزی سے بڑھتی آبادی وسائل پر دباؤ بڑھا رہی ہے، زمین اور پانی کے موثر استعمال کے لیے مربوط اور جامع منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ اسلام آباد میں مربوط زمین و آبی استعمال کی منصوبہ بندی کے حوالے سے قومی ورکشاپ سے خطاب

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

وزیراعلیٰ کی زیر صدارت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس

بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس کی آپریشنل اور انتظامی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ ادارہ صوبے میں فضائی سہولیات کے فروغ کیلئے موثر کردار ادا کر سکے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو یہاں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چوتھے اجلاس کی صدارت کی جس میں کمپنی سے متعلق اہم انتظامی، مالی اور آپریشنل امور کا جائزہ لیتے ہوئے متعدد اہم فیصلوں اور تجاویز اور گزشتہ بورڈ اجلاس کے فیصلوں کی توثیق کی منظوری دی گئی اجلاس میں بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کی کارکردگی، انتظامی امور، آپریشنل معاملات اور کمپنی کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا اس موقع پر کمپنی کے امور کو مزید موثر اور منظم بنانے، آپریشنل استعداد کار میں اضافے اور ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے سے متعلق مختلف امور زیر بحث

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

گورنر بلوچستان سے صوبائی وزیر خزانہ ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں: سرفراز بگٹی

دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خاران اور واشک میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران 11 بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردوں کی ہلاکت پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ خاران میں دہشت گردوں کی جانب سے سڑک بلاک کر کے مقامی ٹریفک

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

لہڑی رورل ہیلتھ سینٹر کا اچانک معائنہ، عملے کی حاضری، ادویات اور طبی سہولیات کا جائزہ

سبی/لہڑی (آئی این پی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سبی نے انچارج ڈسٹرکٹ میڈیسن اسٹور فارماسسٹ ڈاکٹر رضا شاہ کے ہمراہ

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

اقلیت ہوں یا اکثریت، ہم سب پاکستانی ہیں، آئین کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں: گورنر بلوچستان

گورنر بلوچستان سے اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کی ملاقات، اقوام متحدہ میں [illegible] سمت سے خطاب پر مبارکباد

کوئٹہ (آئی این پی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق رکن صوبائی اسمبلی انجینئر عرفان کی قیادت میں کرسچن، ہندو اور سکھ برادری سے تعلق رکھنے والے نمائندوں نے ملاقات کی اور انہیں امریکہ کے کامیاب دورے، اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیو یارک میں منعقدہ یوتھ ایجنڈا آرگنائزیشن انٹرنس سمٹ میں شرکت اور خطاب پر مبارکباد پیش کی۔ ملاقات کے دوران سابق رکن صوبائی اسمبلی انجینئر عرفان

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

دکی سرکاری ملازمین کے SAP ریکارڈ میں تاریخ پیدائش کی درستگی سے متعلق اہم اجلاس، کیسز کا جائزہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی کی زیر صدارت سرکاری ملازمین کے SAP سسٹم میں تاریخ پیدائش (BirthofDate) کی درستگی سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف سرکاری محکموں کے متعلقہ افسران اور ملازمین نے شرکت کی اجلاس کے دوران

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

تعلیمی معیار کی بہتری کیلئے اسکولوں کی مسلسل نگرانی جاری، ڈپٹی ڈی ای او لہڑی

سبی/لہڑی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی کی ہدایت اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کے احکامات پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لہڑی لیاقت نے تحصیل لہڑی کے مختلف دور دراز سرکاری پرائمری اسکولوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے

بقیہ 45 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

لسبیلہ اٹک سیمنٹ کا مقامی آبادی کیلئے فری میڈیکل کیمپ، خواتین کیلئے سلائی کڑھائی تربیتی مرکز قائم

لسبیلہ (خ ن) اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے صحت اور روزگار کے شعبوں میں مختلف اہم اقدامات جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں مقامی آبادی کے لیے فری میڈیکل کیمپ کا

بقیہ 46 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کمشنر لسبیلہ

کمشنر لسبیلہ کا گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ، تعلیمی و انتظامی امور کا جائزہ، اساتذہ کی حاضری اور تدریسی معیار بہتر بنانے کی ہدایت

حب (آئی این پی) کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول حب کا دورہ کیا۔ دورے کا مقصد اسکول میں تعلیمی، انتظامی امور، تدریسی سرگرمیوں، بنیادی سہولیات اور طالبات کو فراہم کی جانے والی تعلیمی سہولیات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر کمشنر نے اسکول کے مختلف شعبہ جات، کلاس رومز، سائنس لیبارٹری، کمپیوٹر لیب، لائبریری اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اساتذہ اور طالبات سے ملاقات کی اور تعلیمی

بقیہ 47 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

صوبائی وزیر آبپاشی صادق عمرانی ایری گیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈر فراہم کر رہے ہیں

ڈیرہ بگٹی، سوئی میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

گیس کمپنیوں میں مقامی افراد کو روزگار اور فلاحی فنڈز سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچایا جائے گا

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بگٹی قبیلے کے عمائدین، بزرگوں اور نوجوانوں کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈیرہ بگٹی، سوئی اور گرد و نواح میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی فلاح و بہبود اور

بقیہ 48 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

گورنر بلوچستان کا کرسچن کمیٹی کے نمائندوں کے ساتھ گروپ فوٹو

نصیر آباد ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس، ہسپتالوں میں عملے کی بروقت حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

نصیر آباد (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد [illegible] کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈسٹرکٹ [illegible] طارق شہزاد سمیت محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ افسران اور کمیٹی ممبران نے شرکت کی

بقیہ 49 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا بلوچستان یونیورسٹی میں جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ، کام کا جائزہ

ای کامرس و آئی ٹی لیب طلبہ کے لیے ڈیجیٹل مہارتوں اور آن لائن کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرے گی، ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ اور ایکسین [illegible] کے ہمراہ بلوچستان یونیورسٹی میں قائم کی جانے والی جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب کا دورہ کیا اور منصوبے پر جاری کام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں، جدید آئی ٹی آلات کی فراہمی و تنصیب، لیب کی اپ گریڈیشن، مرمت و تزئین اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے

بقیہ 50 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

گوادر میں ماہی گیری کی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش و لائسنس کے اجرا کا عمل تیز

ماہی گیری کے شعبے کو قانونی و منظم بنانے کے لیے گوادر فشریز کی کشتیوں کی انسپکشن جاری

گوادر (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فشریز کی ہدایات پر صوبائی حکومت کی ماہی گیروں کی فلاح و بہبود اور ماہی گیری کے شعبے کو مستحکم و قانونی بنیادوں پر فروغ دینے کی پالیسی کے تحت گوادر میں ماہی گیری کی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش، انسپکشن اور لائسنس کے اجرا کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ یہ کارروائیاں اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر اور

بقیہ 51 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

وزیراعلیٰ بلوچستان پی ٹی وی سے تبادلہ ہونے والے منیجنگ ڈائریکٹر کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں

رکنی، پیٹرول پمپس کی چیکنگ، میٹر ریڈنگ اور پیمانوں کی درستگی کا جائزہ

مقررہ مقدار سے کم پیٹرول کی فراہمی برداشت نہیں ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر رکنی کی پیٹرول پمپ مالکان کو ہدایت

رکنی (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر بارکھان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی نے تحصیل رکنی میں مختلف پیٹرول پمپس کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر پیٹرول پمپس پر نصب پمپ، میٹر ریڈنگ، پیمانوں اور پیٹرول کی مقررہ مقدار کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے میٹر ریڈنگ اور پیمانوں کی درستگی چیک کرتے ہوئے اس امر کو یقینی بنایا کہ صارفین کو مقررہ مقدار کے مطابق پیٹرول فراہم کیا جا رہا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے

بقیہ 53 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کم آمدن اور متوسط طبقے کو سستے گھروں کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، وزیراعظم

زرعی شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، زرعی کیلئے اقدامات قومی ذمہ داری ہیں، کسانوں کو مالی وسائل تک آسان اور بلا رکاوٹ رسائی فراہم کی جائے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کم آمدن اور متوسط طبقے کو سستی رہائش، کسانوں کو آسان شرائط پر قرضوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو مالی سہولتوں کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، بینکوں اور مالیاتی اداروں کو کسانوں، چھوٹے اور درمیانے کاروبار اور ہاؤسنگ کے شعبے کو قرضوں کی فراہمی میں اپنا کردار موثر انداز میں ادا کرنا ہوگا، جبکہ حکومت قرضوں کی فراہمی میں بھرپور کردار ادا کرنے والے بینکوں کی حوصلہ افزائی کرے گی۔

بقیہ 52 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

صادق عمرانی کی زیر قیادت آبپاشی محکمہ میں ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز جاری

[illegible] کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیح، عوامی فلاح و ترقی کے اقدامات کے ثمرات سامنے آنا شروع ہو گئے، صادق عمرانی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن، پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت

بقیہ 54 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

پاکستان کا غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے آنیوالی اشیا پر پابندی کے برطانوی اعلان کا خیر مقدم

غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کی مسلسل توسیع عالمی قوانین اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آئی این پی) ترجمان دفتر خارجہ نے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کے خلاف اقدامات کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان نے غیر قانونی اسرائیلی بستیوں سے آنے والی اشیا پر پابندی لگانے کے برطانیہ کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ غیر قانونی اسرائیلی بستیوں کی مسلسل توسیع عالمی قوانین اور سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے، اسرائیلی اقدامات دو ریاستی حل کے حصول اور خطے میں امن و استحکام کیلئے جاری عالمی کوششوں کیلئے نقصان دہ ہیں۔ پاکستان نے کئی دیگر ممالک کی جانب

بقیہ 55 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

چمن میں 21 ستمبر سے انسداد پولیو مہم، ڈپٹی کمشنر کا تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کا حکم

چمن (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر چمن کی زیر صدارت 21 ستمبر 2026 سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کی تیاریوں کے حوالے سے محکمہ صحت اور پولیو حکام کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں، سکیورٹی انتظامات، پولیو ٹیموں کی تشکیل، مانیٹرنگ پلان اور موثر نگرانی سمیت

بقیہ 56 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

لورالائی غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ دودھ کی فروخت کے خلاف کارروائی، 3 جنرل اسٹورز اور ایک بیکری [illegible]

لورالائی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر شیر خوار بچوں کے لیے غیر معیاری اور ناقابل استعمال فارمولا دودھ کی فروخت کے خلاف جاری خصوصی مہم کے تحت بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی لورالائی زون فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈوب روڈ پر مختلف خوراک کے مراکز کا تفصیلی معائنہ کیا کارروائی کے دوران فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر 3 جنرل اسٹورز اور ایک

بقیہ 57 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

کمشنر مکران کا تربت ماڈل سٹی منصوبے کا دورہ، تعمیراتی کام کے معیار اور پیش رفت کا جائزہ

کمشنر مکران کا میونسپل کارپوریشن تربت کے دفاتر کا معائنہ، شہری سہولیات میں بہتری کی ہدایت

تربت (آئی این پی) کمشنر مکران ڈویژن نے میونسپل کارپوریشن تربت کے ہمراہ گورنمنٹ ماڈل اسکول تربت کی چار دیواری سے متصل تربت ماڈل سٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے تحت تعمیر کیے جانے والے دکانات کے سائٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن تربت شعیب ناصر، تربت سٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے ڈپٹی پروجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر بہرام بلوچ، پروجیکٹ انجینئر سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی وہاں پر موجود تھے۔ اس دوران کمشنر مکران

بقیہ 58 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

تعلیمی اداروں میں حاضری اور تدریسی معیار بہتر بنایا جائے، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا اجلاس، غیر حاضر اساتذہ و ملازمین کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی ہدایت

نصیر آباد (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد [illegible] کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع نصیر آباد کے تعلیمی اداروں میں تدریسی عمل کی بہتری، اساتذہ اور دیگر ملازمین کی حاضری، طلبا کو درپیش مسائل، سہولیات کی فراہمی اور غیر حاضر رہنے والے ملازمین کے خلاف بلا امتیاز کارروائی سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ضلع بھر کے تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کو مزید موثر بنانے، اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنانے اور طلبا کو بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے حوالے سے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا اس موقع پر تعلیمی اداروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور تدریسی عمل میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی کو برداشت نہ کرنے پر زور دیا گیا اجلاس سے

بقیہ 59 صفحہ نمبر 3 پر ملاحظہ کیجئے

چیف سیکرٹری بلوچستان سے زمیندار ایکشن کمیٹی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

DAILY AZAN-E-SAHER INTERNATIONAL QUETTA

ادارتی صفحہ

روزنامہ اذان سحر انٹرنیشنل کوئٹہ

Email: Azanesaher@gmail.com منیجنگ ایڈیٹر بی بی رضیہ

پبلشر یعقوب شاہ نے انڈس پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر آفس گلی خالق آباد جان محمد روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال بتدریج بہتر ہورہی ہے

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال بتدریج بہتر ہورہی ہے اور دنیا بھر کے سرمایہ کار صوبے کا رخ کر رہے ہیں۔ امریکہ سمیت دیگر ممالک کے سرمایہ کار بلوچستان میں معدنیات سمیت مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں اور وژن کے باعث صوبے میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا ہو رہا ہے۔ حکومت بلوچستان سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ صوبے کے وسائل کو جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری کے ذریعے بروئے کار لا کر نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں بلکہ بلوچستان کی معیشت کو بھی مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جا سکتا ہے۔ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو صوبے میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے آگاہ کرنے اور انہیں ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ حکومت کی ترجیح ہے کہ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو سہولت، ضروری معلومات اور متعلقہ اداروں کے ساتھ رابطے میں آسانی فراہم کی جائے۔ عالمی اور ملکی سرمایہ کار بلوچستان میں موجود سرمایہ کاری کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں اور صوبے کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔

آئین پاکستان کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں

خصوصی رپورٹ

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے سابق وفاقی وزیر خلیل جارج کی قیادت میں پاکستان مسلم لیگ ن کے کوئٹہ شہر کے مختلف اقلیتی علاقوں کے علاقائی عہدیداران اور رہنماؤں نے ملاقات کی اور انہیں امریکہ کے کامیاب دورے اور اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں شرکت اور خطاب پر مبارکباد پیش کی۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے اپنے کامیاب دورہ امریکہ کے بعد وطن واپسی پر استقبال اور مبارکباد دینے پر اقلیتی برادری کے نمائندوں کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ سے خطاب پاکستان اور بلوچستان کیلئے ایک اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہاں عالمی سربراہی اجلاس سے خطاب ہو یا امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ تقریبات، ہر موقع پر پاکستان اور بلوچستان کی نمائندگی کرنا اور اپنے نوجوانوں کی آواز کو عالمی سطح پر اجاگر کرنا میرے لیے باعث اعزاز ہے۔ ان مواقع پر دنیا بھر سے آئے ہوئے مندوبین اور امریکہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے بھرپور پذیرائی اور عزت افزائی ملی۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بھی خوشی ہوئی کہ امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کے دلوں میں اپنے ملک اور عوام کیلئے بے پناہ محبت اور وابستگی موجود ہے۔ انہوں نے امریکہ کے شہر ٹیکساس، ہیوسٹن اور لاس اینجلس میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے منعقدہ تقریبات میں شرکت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد تجارت اور کاروبار سے وابستہ ہے اور وہ پاکستان کی معیشت کیلئے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارا تعلق بلاشبہ مختلف قوموں، مذاہب اور علاقوں سے ہوسکتا ہے، لیکن ہم سب پاکستانی ہیں۔ آئین پاکستان کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں اور ہمیں باہمی اتحاد، احترام اور یکجہتی کے ساتھ ملک وقوم کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن میں اقلیتی رہنماؤں اور نمائندوں کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا اور کہا کہ اب ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم متحد ہو کر عوام کی خدمت کریں اور ملک و صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خان لہڑی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیت ہوں یا اکثریت، ہم سب ایک ہی ملک کے باشندے ہیں۔ کرسچین بھی ہمارے بھائی ہیں اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادریوں کا کردار قابل قدر ہے۔ خان لہڑی نے بھی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو دورہ امریکہ کی کامیابی اور عالمی فورم پر پاکستان و بلوچستان کی مؤثر نمائندگی پر مبارکباد پیش کی۔ قبل ازیں سابق وفاقی وزیر خلیل جارج نے کہا کہ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیراہتمام یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی شرکت اور خطاب ہم سب کیلئے باعث فخر اور مسرت ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ مجھے یہ جان کر بھی خوشی ہوئی کہ امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کے دلوں میں اپنے ملک اور عوام کیلئے بے پناہ محبت اور وابستگی موجود ہے۔ انہوں نے امریکہ کے شہر ٹیکساس، ہیوسٹن اور لاس اینجلس میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے منعقدہ تقریبات میں شرکت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد تجارت اور کاروبار سے وابستہ ہے اور وہ پاکستان کی معیشت کیلئے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے امریکہ کے شہر ٹیکساس، ہیوسٹن اور لاس اینجلس میں پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے منعقدہ تقریبات میں شرکت کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی ایک بڑی تعداد تجارت اور کاروبار سے وابستہ ہے اور وہ پاکستان کی معیشت کیلئے بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارا تعلق بلاشبہ مختلف قوموں، مذاہب اور علاقوں سے ہوسکتا ہے، لیکن ہم سب پاکستانی ہیں۔ آئین پاکستان کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں اور ہمیں باہمی اتحاد، احترام اور یکجہتی کے ساتھ ملک و قوم کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن میں اقلیتی رہنماؤں اور نمائندوں کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے انہیں خوش آمدید کہا اور کہا کہ اب ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ہم متحد ہو کر عوام کی خدمت کریں اور ملک و صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خان لہڑی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اقلیت ہوں یا اکثریت، ہم سب ایک ہی ملک کے باشندے ہیں۔ کرسچین بھی ہمارے بھائی ہیں اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادریوں کا کردار قابل قدر ہے۔ خان لہڑی نے بھی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو دورہ امریکہ کی کامیابی اور عالمی فورم پر پاکستان و بلوچستان کی مؤثر نمائندگی پر مبارکباد پیش کی۔ قبل ازیں سابق وفاقی وزیر خلیل جارج نے کہا کہ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیراہتمام یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس سمٹ میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی شرکت اور خطاب ہم سب کیلئے باعث فخر اور مسرت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم مسیحی اور ہندو برادری کی جانب سے گورنر بلوچستان کو ان کے کامیاب دورہ امریکہ پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ عالمی فورم پر پاکستان اور بلوچستان کے نوجوانوں کی آواز مؤثر انداز میں پیش کرنا ایک قابل تحسین اقدام ہے۔ ملاقات کے اختتام پر مسلم لیگ ن کی صوبائی رہنما ثناء انتظار کی جانب سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو گلدستہ پیش کیا اور دیگر نمائندے ہار پہنائے گئے۔

بقیہ اذان سحر 1

جانے کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کر رہی ہے۔ اوتھ قابل جیسے پروگرام نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی اور ہنر سے روشناس کرا کے انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ مولانا ہدایت بلوچ نے تربیت مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان اپنی تعلیم اور تربیت پر خصوصی توجہ مرکوز رکھیں کیونکہ جدید دور میں تعلیم کے ساتھ ہنر کا حصول بھی وقت کی اہم ضرورت ہے نوجوان اپنی صلاحیتوں کو مثبت سمت میں بروئے کار لا کر نہ صرف اپنے مستقبل کو روشن کر سکتے ہیں بلکہ ملک کی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی مولانا ہدایت بلوچ نے اوتھ قابل پروگرام کے تحت تربیت مکمل کرنے والے طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ شرکاء نے اوتھ قابل پروگرام کو نوجوانوں کیلئے ایک مثبت، تعمیری اور ہنر مند بنانے والا اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے پروگراموں کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ نوجوان جدید تعلیم اور فنی مہارت سے استفادہ کر سکیں۔

بقیہ اذان سحر 2

کہا کہ عوامی نمائندے اور حکومت عوام کو درپیش مسائل سے بخوبی آگاہ ہیں۔ حلقہ انتخاب سمیت صوبے کے مختلف علاقوں میں سڑکوں اور مواصلاتی سہولیات کی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر دیکھا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کو مایوس نہیں کیا جائے گا اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے تاکہ ان علاقوں کے عوام کو تعلیم، صحت، تجارت اور دیگر بنیادی سہولیات تک رسائی میں آسانی ہو۔ حکومت کا مقصد ایسا مواصلاتی نیٹ ورک تشکیل دینا ہے جو بلوچستان کے مختلف علاقوں کو ایک دوسرے سے بہتر انداز میں منسلک کرے۔ میر سلیم کھوسہ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں میں شفافیت، معیار اور پائیداری کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچنے چاہئیں اور سرکاری وسائل کا درست اور شفاف استعمال حکومت کی ذمہ داری ہے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے امن و امان کے ساتھ ساتھ مضبوط انفراسٹرکچر بھی ناگزیر ہے۔ حکومت ترقیاتی عمل کو جاری رکھتے ہوئے صوبے میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور عوامی سہولیات میں اضافے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "عوام کے دروازے ان کے لیے کھلے ہیں، عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی اور ترقیاتی کاموں میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ میر سلیم کھوسہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بلوچستان کے عوام کو بہتر سڑکوں، مضبوط مواصلاتی نظام اور جدید بنیادی ڈھانچے کی فراہمی کے لیے حکومت اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کرے گی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کر کے عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ اذان سحر 3

قانونی طریقے سے پارک میں داخل ہونے، چوکیدار یا کسی خاتون سے بدتمیزی کرنے، بداخلاقی پھیلانے یا پارک کی املاک اور جھولوں کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے گا تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے بھی اپیل کی ہے کہ فیملی پارک کو خواتین اور بچوں کے لیے محفوظ رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی خلاف ورزی یا شرپسندی کی صورت میں فوری طور پر متعلقہ حکام کو اطلاع دیں انتظامیہ نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ فیملی پارک کو کسی بھی قسم کی غنڈہ گردی، بدتمیزی یا غیر قانونی سرگرمی کے لیے استعمال نہیں ہونے دیا جائے گا اور خلاف ورزی کرنے والوں سے کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ شکایت کی صورت میں ڈی سی آفس کے نمبر 0844421146 پولیس تھانہ 0844421434 پر رابطہ کریں۔

بقیہ اذان سحر 4

اہتمام منعقد ہونے والے اس اسپورٹس فیسٹیول کو محکمہ تعلیم گوادر، پرائیویٹ اسکولز ایسوسی ایشن گوادر، ادارہ ترقیات گوادر اور دیگر متعلقہ اداروں کا بھرپور تعاون حاصل ہے۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس کے چیئرمین میر ارشد کلمتی سمیت مختلف سرکاری و نجی تعلیمی اداروں کے طلبہ، اساتذہ اور تعلیمی افسران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب کو طلبہ نے رنگارنگ ثقافتی و تعلیمی ٹیبلو، پریڈ، مارچ پاسٹ، رسہ کشی کے مقابلوں اور اسکول اسکاؤٹنگ کے خصوصی مظاہرے سے یادگار بنا دیا اس موقع پر گورنمنٹ ہائی اسکول اور ٹیناؤن گرائمر ہائی اسکول کے درمیان نمائشی فٹبال میچ بھی کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں کے نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور شائقین سے بھرپور داد وصول کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایجوکیشنل اسکولز منیر نور بزنجو اور میر کلمتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے کہا کہ فیسٹیول کا مقصد محض کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد نہیں بلکہ گوادر کی نوجوان نسل، خصوصاً جنریشن زی کو مثبت، صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کی سطح پر کھیلوں کے مضبوط کلچر کو فروغ دے کر نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک و صوبے کا نام روشن کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر اور مکران کے کھیلوں کے میدانوں نے ماضی میں بھی باصلاحیت اور نامور کھلاڑی پیدا کیے ہیں، جنہوں نے قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ موجودہ تعلیمی و اسپورٹس پالیسی کا بنیادی مقصد اسی ٹیلنٹ کو بروقت نکھار کر نوجوانوں کو ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ بنانا ہے۔ تقریب کو طلبہ نے رنگارنگ ثقافتی و تعلیمی ٹیبلو، پریڈ، مارچ پاسٹ، رسہ کشی کے مقابلوں اور اسکول اسکاؤٹنگ کے خصوصی مظاہرے سے یادگار بنا دیا اس موقع پر گورنمنٹ ہائی اسکول اور ٹیناؤن گرائمر ہائی اسکول کے درمیان نمائشی فٹبال میچ بھی کھیلا گیا، جس میں دونوں ٹیموں کے نوجوان کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور شائقین سے بھرپور داد وصول کی۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈائریکٹر ایجوکیشنل اسکولز منیر نور بزنجو اور میر کلمتی انٹر ایجوکیشنل اسپورٹس کے چیئرمین میر ارشد کلمتی نے کہا کہ فیسٹیول کا مقصد محض کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد نہیں بلکہ گوادر کی نوجوان نسل، خصوصاً جنریشن زی کو مثبت، صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول کی سطح پر کھیلوں کے مضبوط کلچر کو فروغ دے کر نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور قومی و بین الاقوامی سطح پر ملک و صوبے کا نام روشن کرنے کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر اور مکران کے کھیلوں کے میدانوں نے ماضی میں بھی باصلاحیت اور نامور کھلاڑی پیدا کیے ہیں، جنہوں نے قومی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ موجودہ تعلیمی و اسپورٹس پالیسی کا بنیادی مقصد اسی ٹیلنٹ کو بروقت نکھار کر نوجوانوں کو ملک و قوم کا قیمتی اثاثہ بنانا ہے۔

بقیہ اذان سحر 5

قسم کی تاخیر نہ کی جائے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول شاہرگ کے معائنے کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے سکول کے پرنسپل کو سخت ہدایات جاری کرتے ہوئے اساتذہ کی سو فیصد حاضری کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ طلبا کو تعلیمی اور ذہنی نشوونما کے لیے ایک معیاری اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے تاکہ ان کی تعلیم پر کوئی منفی اثر نہ پڑے آخر میں اسسٹنٹ کمشنر نے شاہرگ بازار کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف دکانوں اور خاطر پر روزمرہ اشیائے خوردونوش کی قیمتوں اور کوالٹی کو چیک کیا۔ انہوں نے منڈی اور بازار میں مجموعی صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے تاجروں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیاء فروخت کرنے کی ہدایت کی اور واضح کیا کہ گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ اذان سحر 6

ہے جبکہ ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی دستیابی کو بھی یقینی بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ صحت کے شعبے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کی باقاعدگی سے نگرانی کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک وسیع و رقبے کے اعتبار سے بڑا صوبہ ہے جہاں دور دراز علاقوں تک صحت کی سہولیات پہنچانا ایک بڑا چیلنج ہے، تاہم حکومت دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے پرعزم ہے۔ بنیادی مراکز صحت کو فعال بنانے کے ساتھ ساتھ ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتالوں میں علاج معالجے کی سہولیات کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے تاکہ لوگوں کو معمولی نوعیت کے علاج کے لیے بڑے شہروں کا رخ نہ کرنا پڑے بخت کاکڑ نے کہا کہ صحت کے شعبے میں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سہولیات کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، حکومت ہسپتالوں میں جدید طبی آلات کی فراہمی، تشخیصی سہولیات میں اضافے اور طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی اور ہسپتال انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرے صوبائی وزیر صحت نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو صحت سمیت تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے سنجیدہ اور مخلصانہ کوششیں کر رہی ہے۔ عوامی شکایات کے ازالے اور ہسپتالوں میں سہولیات کی بہتری کے لیے متعلقہ افسران کو واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ صحت مند معاشرہ ہی مضبوط اور ترقی یافتہ بلوچستان کی بنیاد بن سکتا ہے، اس لیے صحت کے شعبے میں بہتری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد صرف ہسپتالوں کی تعداد میں اضافہ نہیں بلکہ موجودہ طبی مراکز کو مؤثر، فعال اور عوام دوست بنانا ہے تاکہ بلوچستان کے ہر شہری کو بلا امتیاز بروقت اور معیاری علاج کی سہولت میسر آسکے۔ حکومت صحت کے شعبے میں اصلاحات کے عمل کو جاری رکھتے ہوئے عوام کو مایوس نہیں کرے گی۔

بقیہ اذان سحر 7

غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ مزید تیز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت کی اولین ترجیح صحت عامہ کا تحفظ اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہے۔ ضلع بھر میں غیر قانونی طبی سرگرمیوں کے خاتمے کے لیے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کی قیادت میں ہونے والی اس کارروائی کو محکمہ صحت کی جانب سے صحت عامہ کے تحفظ کے لیے ایک مؤثر اور عملی اقدام قرار دیا جا رہا ہے، جبکہ آئندہ بھی ضلع کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی کلینکس، عطائی ڈاکٹروں اور غیر معیاری ادویات کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ اذان سحر 8

لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ اور چیف آفیسر سلیم ڈوکی نے تمام تجاوزات قائم کرنے والوں کو واضح وارننگ دیتے ہوئے ہدایت کی کہ فوری طور پر ناجائز قبضے ختم کیے جائیں اور بس اڈے کی حدود میں عوامی راستوں کو ہر قسم کی رکاوٹ سے پاک رکھا جائے۔ انہوں نے ٹرانسپورٹ، ویگن اور کوچ مالکان و ڈرائیوروں کو بھی سختی سے ہدایت کی کہ بس اڈے کے اندر یا مرکزی سڑک پر گاڑیاں کھڑی کر کے ٹریفک کی روانی میں خلل نہ ڈالا جائے، کیونکہ بے ہنگم پارکنگ اور رش کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے انتظامیہ نے واضح کیا کہ ہدایات پر عمل نہ کرنے کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ افراد پر عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ انتظامیہ کی جانب سے گزشتہ روز بھی بس اڈے میں اعلانات کے ذریعے تجاوزات ختم کرنے اور سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی نہ کرنے کے حوالے سے اطلاع دی گئی تھی۔

بقیہ اذان سحر 9

سے خصوصی بحالی مراکز قائم کرنے منشیات کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن اور گرفتاریاں عمل میں لانے کا فیصلہ کیا گیا [illegible]۔ بعد کے افسر نے کمشنر کو بریفنگ میں بتایا کہ اوتھل میں ادارہ بحالی منشیات مرکز کا تعمیراتی آخری مراحل میں ہے ضلع حب میں منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجے کیلئے مرکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ڈپٹی کمشنر حب بصدر سندوخیل اور ایس ایس پی حب مرزا اقبال حسن نے انسداد منشیات کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات سے کمشنر کو بریفنگ دی گئی اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں ضلعی پولیس، لیویز اور اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) کے تعاون سے تعلیمی اداروں اور گلی محلوں میں خصوصی آگہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا آگاہی مہم اور نوجوانوں کا تحفظ کیلئے تعلیمی اداروں میں سیمینارز اور واکس کے ذریعے نوجوان نسل کو منشیات کے نقصانات سے آگاہ کیا جائیگا تاکہ ان کی توانائیوں کو تعلیم اور کھیلوں کی طرف راغب کیا جائے۔ کمشنر نے ایس ایس پی حب مرزا اقبال حسن کو دوران بریفنگ احکامات جاری کیں جن بریفنگ میں بتایا کہ خصوصاً آئس کرسٹل ہیروئن اور چرس) سپلائی کرنے والوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر کارروائی کی جائے اور انتظامی حکام کو کارروائیوں سے آگاہ رکھا جائے اجلاس میں۔ نشے کے عادی افراد کی اس پروگرام کے تحت علاج اور بحالی کے مراکز کی اضافی آٹش افراد کی رجسٹریشن محکمہ سوشل ویلفیئر کی زیر نگرانی کروانے وزیراعلیٰ تک پروگرام کے تحت معذور افراد کی ویلفیئر اور رجسٹریشن اور دیگر سکیمیں کا عمل ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے کوارڈینیشن سے کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ اذان سحر 10

کپاس صوبے کی ایک اہم نقد آور فصل ہے، جس کی پیداوار میں اضافہ نہ صرف کسانوں کی آمدن بڑھا سکتا ہے بلکہ صوبائی معیشت کو بھی مضبوط بنیاد فراہم کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی، معیاری بیج، پانی کے مؤثر استعمال، بروقت کاشت اور زرعی رہنمائی کے ذریعے کپاس کی فی ایکڑ پیداوار میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق بلوچستان میں پہلے ہی کپاس کے رقبے میں توسیع کا رجحان دیکھا گیا ہے، اجلاس میں بتایا گیا کہ cotton maximisation کے ذریعے صوبے کے ان اضلاع میں بھی کپاس کی کاشت کو فروغ دیا جا سکتا ہے جہاں زرعی امکانات موجود ہیں، جس سے بنجر یا کم استعمال شدہ اراضی کو قابل کاشت بنایا جا سکے گا۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ کپاس کی پیداوار میں اضافہ مقامی کسانوں کے لیے براہ راست مالی فائدے کا سبب بنے گا، کیونکہ بہتر پیداوار، کم لاگت، اور بہتر مارکیٹ تک رسائی سے ان کی آمدن میں اضافہ ممکن ہوگا۔ تحقیقی شواہد کے مطابق بلوچستان میں کپاس کے کاشتکاروں کو فی ایکڑ خاطر خواہ منافع حاصل ہو سکتا ہے، جبکہ بہتر زرعی تخم و [illegible] سے پیداوار اور منافع دونوں میں اضافہ ممکن ہے۔ چیف سیکرٹری نے مزید کہا کہ کپاس کی پیداوار میں اضافہ صوبے میں ٹیکسٹائل، جننگ، ٹرانسپورٹ، روزگار اور تجارتی سرگرمیوں کو بھی تقویت دے گا، جس سے مجموعی اقتصادی سرگرمیوں میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ کپاس کی ترقی صرف ایک فصل کی ترقی نہیں بلکہ یہ زراعت، صنعت اور برآمدات کے باہمی ربط کو مضبوط بنانے کا ذریعہ بھی ہے، جس سے ملکی درآمدی بل میں کمی اور برآمدی امکانات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ کپاس کے کاشتکاروں کے لیے تربیتی پروگرام، آگاہی مہم، فیلڈ سپورٹ، اور مربوط مکینزم عملی بنیادوں پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ صوبے میں maximisationcotton کے اہداف حاصل کیے جا سکیں۔ حکومت بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ زرعی ترقی، کسانوں کی خوشحالی اور صوبائی معیشت کی مضبوطی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

بقیہ اذان سحر 11

در واقف ہیں۔ محترمہ [illegible] بلوچ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبے میں کھیلوں کے میدانوں کی بحالی، نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے مواقع کی فراہمی اور کھیلوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کے میدان آباد ہوں گے تو نوجوان مثبت، صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب ہوں گے، جبکہ حکومت کی ترجیح ہے کہ نوجوانوں کو بہتر کھیلوں کی سہولیات فراہم کرکے ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ جی او آر کالونی فٹسال گراؤنڈ کی بحالی کو علاقے کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے ایک مثبت پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے، جس سے نہ صرف کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا بلکہ نوجوان نسل کو صحت مند اور مثبت ماحول بھی میسر آئے گا۔

بقیہ اذان سحر 12

کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی خواتین بالخصوص عمر رسیدہ، غریب اور مستحق خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل و مشکلات سے ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا کھلی کچہری کے دوران خواتین نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) سے متعلق درپیش پیچیدگیوں، مالی معاونت کے حصول میں مشکلات، علاج معالجے کے لیے [illegible] فنڈ سے استفادہ کرنے میں حائل رکاوٹوں، نرسنگ کالج ڈیرہ مراد جمالی میں ہاسٹل کی عمارت کی عدم دستیابی سمیت مختلف اہم مسائل تفصیل سے بیان کیے خواتین نے تحصیل بابا کوٹ اور تحصیل تمبو میں آمد و رفت کے دوران امن و امان سے متعلق مسائل جبکہ تحصیل نیرحسن میں پرائمری اسکول کے قیام اور بچوں کو تعلیمی سہولیات کی فراہمی کا مطالبہ بھی پیش کیا اس کے علاوہ خواتین نے مختلف مالی، سماجی اور بنیادی نوعیت کی مشکلات سے بھی ڈپٹی کمشنر کو آگاہ کیا اور ان کے فوری حل کے لیے اقدامات اٹھانے کی درخواست کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد [illegible] نے خواتین کے مسائل کو انتہائی توجہ اور تحمل کے ساتھ سنا اور متعلقہ افسران کو موقع پر ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے ہدایت کی کہ خواتین کی جانب سے پیش کیے گئے جائز مسائل کے حل کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے کہ معاشرے کے کمزور، غریب اور مستحق طبقات بالخصوص خواتین کی مشکلات کا ازالہ کیا جائے اور انہیں سرکاری سہولیات تک رسائی میں ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد اس عزم کا اظہار ہے کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے انہوں نے کہا کہ خواتین کو اپنے مسائل کے اظہار کے لیے ایک باعزت، محفوظ اور براہ راست پلیٹ فارم فراہم کرنا انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے یقین دلایا کہ خواتین کے جائز مسائل کے حل کے لیے متعلقہ محکموں کے ساتھ مؤثر رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے گا ڈپٹی کمشنر نے خود عمر رسیدہ خواتین کے پاس جا کر ان کے مسائل سنے ان کی مشکلات دریافت کیں اور متعلقہ افسران کو فوری طور پر ضروری کارروائی اور مسائل کے حل کے احکامات جاری کیے کھلی کچہری میں شریک عمر رسیدہ اور مستحق خواتین نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہماری زندگی میں پہلی مرتبہ خواتین کے مسائل سننے کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے جس پر ہم ڈپٹی کمشنر نصیرآباد [illegible] کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں انہوں نے کہا کہ خواتین کو براہ راست اپنے مسائل انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملنا خوش آئند اقدام ہے خواتین نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ آئندہ بھی اسی طرح باقاعدگی سے خواتین کے لیے خصوصی کھلی کچہریوں کا انعقاد کرتی رہے گی تاکہ ان کے مسائل کو بروقت سنا اور حل کیا جا سکے ڈپٹی کمشنر [illegible] نے اس موقع پر کہا کہ یہ ان کے لیے باعث خوشی اور اعزاز ہے کہ وہ غریب، مستحق اور عمر رسیدہ خواتین کی مشکلات کے ازالے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ضلعی انتظامیہ کی بنیادی ترجیح ہے اور کسی بھی شہری کو اپنے جائز مسئلے کے حل کے لیے مشکلات کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

بقیہ اذان سحر 13

رابطے کے ذریعے مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ اذان سحر 14

برآمد کر لیا گیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف قانونی کارروائی شروع کر دی ہے جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ اذان سحر 15

اسسٹنٹ کمشنر نے تاجر برادری کے تحفظات سنے اور یقین دہانی کرائی کہ تمام متعلقہ معاملات کو باہمی مشاورت، افہام و تفہیم اور قانون کے مطابق خوش اسلوبی سے حل کیا جائے گا۔ مذاکرات کے مثبت نتائج کے بعد انجمن تاجران اوراماڑہ کے صدر بابا نجیم ناصر نے ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا، جس کے بعد اوراماڑہ میں معمول کی کاروباری سرگرمیاں بحال ہو گئیں۔ اس موقع پر تحصیلدار اوراماڑہ نور خان اور [illegible] سید مہیم جان سمیت مقامی نمائندوں نے بھی اسسٹنٹ کمشنر سے ملاقات کی، جہاں آئندہ کے لائحہ عمل اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ انتظامیہ نے عوام اور تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لیے مؤثر رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ اذان سحر 16

جوش وجذبہ دیکھنے میں آیا۔ بھرتی کے عمل کو شفاف، منظم اور میرٹ کے مطابق یقینی بنانے کے لیے اعلیٰ پولیس و سیکیورٹی حکام موقع پر موجود رہے۔ ڈی آئی جی کرائم برانچ [illegible] کھوسہ، ایس ایس پی گوادر عطاء الرحمان خان ترین اے آئی جی ویلفیئر ایس پی طاہر مصطفیٰ، ڈی ایس پی جاکر بلوچ اور 68 ونگ ایف سی کے میجر سعد سمیت دیگر افسران نے جسمانی ٹیسٹ کے عمل کی نگرانی کی۔ حکام کے مطابق گوادر پولیس میں بھرتی کے تمام مراحل شفافیت، میرٹ اور مقررہ قواعد و ضوابط کے تحت مکمل کیے جا رہے ہیں، تاکہ اہل، قابل اور باصلاحیت نوجوانوں کو پولیس فورس میں شامل کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ایک مؤثر اور پیشہ ور فورس کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بھرتی کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور کسی بھی امیدوار کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ اذان سحر 17

کے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کا حصہ ہے، جس کی تکمیل سے مقامی نوجوانوں اور کھلاڑیوں کو فٹبال، والی بال اور دیگر کھیلوں کے لیے معیاری سہولیات میسر آئیں گی گوادر میں اسپورٹس انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے سید اسحاق کرکٹ اسٹیڈیم، بابا برجو فٹبال اسٹیڈیم، سورگ دل فٹبال گراؤنڈ اور ادارہ ترقیات پبلک اسکول فٹبال گراؤنڈ سمیت مختلف کھیلوں کے میدانوں پر کام جاری ہے، جبکہ گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول گراؤنڈ کی ترقی کا کام بھی جاری ہے ان اقدامات کا مقصد نوجوانوں کو کھیلوں اور دیگر صحت مند سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا، انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب متوجہ کرنا، مقامی کھیلوں کے ٹیلنٹ کو اجاگر کرنا اور گوادر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔

بقیہ اذان سحر 18

لوں کے مسائل کا بروقت ازالہ حکومت کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنا کر علاقے کی ترقی اور عوامی مشکلات کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے کی ترقی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں کو بھی ضروری ہدایات جاری کی جا رہی ہیں۔

بقیہ اذان سحر 19

تقریبات کی نگرانی کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ضلع ہرنائی میں ماؤں اور بچوں کی صحت کے معیار کو بہتر بنانا محکمہ صحت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس خصوصی ہفتے کا بنیادی مقصد دیہی اور دور دراز علاقوں میں

بنیادی و ضروری طبی سہولیات پہنچانا، فضائی گشت کا خاتمہ اور حفاظتی ٹیکہ جات وغیرہ بھی یقینی بنانا ہے۔ 7 محکمہ صحت اور ضلع انتظامیہ کا یہ اقدام ضلعی سطح پر صحت کے نظام کی بہتری، عوامی شعور کی بیداری اور پسماندہ طبقات تک بلا امتیاز طبی علاج کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ تقاریب کے اختتام پر مقامی معززین اور شہریوں کی جانب سے ڈی ایچ او ہرنائی اور ان کی ٹیم کے متحرک کردار کو بھرپور سراہا گیا۔

بقیہ اذان سحر 20

14 سے 15 سال بچہ شدید زخمی ہوا جسے طبی امداد کے لیے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے حادثے میں ملوث ٹرک کو تحویل میں لے کر ڈرائیور حامد ولد نثار احمد قوم مینگل سکنہ امیدبار کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے واقعے کی مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ اذان سحر 21

ایم ڈی اے چیمبر آف کامرس کے تعاون سے انڈسٹریل اور شہری ایریاز میں ایک لاکھ پودوں کی پلانٹیشن کی جانچ جیک شپ بریفنگ سمیت مختلف علاقوں میں شجرکاری مہم شروع کی جا چکی ہے ڈائریکٹر فاریسٹ حب محمود نے بریفنگ میں بتایا کہ حب ڈی ایم کے ایریا میں کامیابی سے ایک لاکھ پودوں کی پلانٹیشن کی گئی ہے جو تناور درخت بن کر قدرتی ماحول کو برقرار رکھنے کیساتھ جنگلی حیات کیلئے محفوظ مسکن بن چکی ہیں کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی آلودگی دور کرنے میں درختوں کا کلیدی کردار رہتا ہے مگر جنگلات کے پروٹیکشن کی مانیٹرنگ حتمی ہے کی جانچ اور جنگلات کی اراضیات کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا۔

بقیہ اذان سحر 22

ترین متنازعات میں شامل ہے، جموں و کشمیر کا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری سے ہونا چاہیے، رائے شماری اقوام متحدہ کی نگرانی میں متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہونی چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ کے سرکاری نقشوں میں جموں و کشمیر کو متنازع علاقہ ظاہر کیا گیا ہے، بھارت کے نام نہاد سرکاری نقشوں اور یکطرفہ خودمختاری کے دعووں کی کوئی حیثیت نہیں۔ پاکستان نے عالمی برادری سے بھارتی اقدامات کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں فوری بند کرے۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ بھارت کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے حصول کیلئے اپنے وعدے پورے کرے، کشمیری عوام کا حق خودارادیت متعلقہ اقوام متحدہ سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق ہے۔

بقیہ اذان سحر 23

فضائیہ کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں پر پوری قوم کو فخر ہے، محسن نقوی نے کہا کہ وطن عزیز کی فضائی سرحدوں کے پاسبان ہمہ وقت بیدار اور مستعد ہیں، جبکہ شہدا اور غازیوں نے اپنی قربانیوں سے وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا ہے۔ وزیر داخلہ کے مطابق پاک فضائیہ کے افسران اور جوانوں کا جذبہ دفاع اور حب الوطنی قابل تقلید ہے۔ یوم فضائیہ ہمارے غازیوں اور شہدا کی لازوال قربانیوں کی یاد تازہ کرتا ہے اور قوم پاک فضائیہ کے ہیروز کی بے مثال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔

بقیہ اذان سحر 24

جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے خبردار کیا کہ ٹیکسز کی وصولی میں کسی بھی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام اہلکار اپنی ذمہ داریاں قومی اور قومی خزانے کے مفاد میں پوری ایمانداری سے سرانجام دیں۔

بقیہ اذان سحر 25

کرینس اور نیٹ ورکس کی استعداد کار میں اضافہ کرنا ہے، تاکہ وہ مستقبل میں مؤثر، پائیدار اور مقامی ضروریات سے ہم آہنگ موسمیاتی منصوبے تشکیل دے سکیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے مقامی سطح پر مؤثر اقدامات کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے متعلقہ اداروں، محکموں اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مربوط تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جی ڈی اے موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے مکمل طور پر آگاہ ہے اور گوادر میں ماحول دوست اور پائیدار ترقی کے لیے مختلف سطحوں پر عملی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ جی ڈی اے مستقبل میں بھی ماحول دوست ترقی، (Climate Resilience)، عوامی آگاہی اور پائیدار منصوبہ بندی کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھے گی۔

بقیہ اذان سحر 26

مقامی لوگوں کے لیے 100 گھروں کی تعمیر ایک قابل تحسین فلاحی اقدام ہے، جس سے نہ صرف مستحق خاندانوں کو بہتر رہائشی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ ان کے معیار زندگی میں بھی بہتری آئے گی۔ ڈپٹی کمشنر قریشہ ترین نے او جی ڈی سی ایل انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کمپنی نے علاقے کے لوگوں کی فلاح و بہبود کے لیے گھروں کی تعمیر کا جو منصوبہ شروع کیا ہے وہ قابل قدر اقدام ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ او جی ڈی سی ایل مستقبل میں بھی صحت پور کے عوام کی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور دیگر سماجی ترقی کے منصوبوں میں اپنا مثبت اور مؤثر کردار اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھے گی۔

بقیہ اذان سحر 27

کے مطابق زخمی اہلکار کو طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، واقعے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق دھماکے کی آواز دور دور تک سنی گئی۔

بقیہ اذان سحر 28

چکے ہے۔ حلقہ انتظامیہ کی جانب سے پانی کی دستیابی اور ذخیرہ کرنے کے عمل پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر انچارج واٹر سپلائی اسکیم گنداخہ کی نگرانی میں شہریوں کو مقررہ ٹائم ٹیبل کے مطابق پانی کی فراہمی جاری ہے، جبکہ واٹر سپلائی کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے اور شہریوں تک پانی کی منصفانہ فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ شہریوں نے پانی کی سپلائی بحال ہونے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی وزیر سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، ڈپٹی کمشنر منصان پال، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی، ایکسین پبلک ہیلتھ، انچارج واٹر سپلائی، میونسپل کمیٹی گنداخہ کی انتظامیہ اور تمام متعلقہ افسران و اہلکاروں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پانی انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت ہے، اس لیے شہر میں پانی کی فراہمی کو مستقل بنیادوں پر برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ تالابوں میں وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کرنے کا سلسلہ بھی جاری رکھا جائے، تاکہ مستقبل میں گنداخہ کے شہریوں کو پانی کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ شہریوں نے امید ظاہر کی ہے کہ متعلقہ حکام پانی کی سپلائی کے نظام کی مسلسل نگرانی کرتے ہوئے مقررہ شیڈول کے مطابق پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے اور گنداخہ شہر کے پانی کے دیرینہ مسئلے کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مزید عملی اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ اذان سحر 29

جن کا معاملہ کافی عرصے سے زیر التوا تھا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشیر ماحولیات وزیر اعلیٰ نے کہا کہ متوفی سرکاری ملازمین کے لواحقین کو ان کا حق دینا محکمہ ماحولیات کی اولین ترجیح ہے، حکومتی ہدایات کی روشنی میں باقی ماندہ زیر التوا کیسز کو بھی جلد از جلد نمٹایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ماحولیات میں شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنانے کے لیے تمام بھرتیوں کا عمل قواعد و ضوابط کے مطابق مکمل کیا گیا اب سرکاری ملازمت حاصل کرنے والے ملازمین کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ اپنی ڈیوٹیاں اخلاص و ایمانداری سے سرانجام دیں۔ اس موقع پر تعینات ہونے والے ملازمین نے مشیر ماحولیات اور محکمہ ماحولیات کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ اذان سحر 30

ہے۔ منصوبے کا مقصد سندھ میں سیلاب سے بچاؤ کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے۔ اس منصوبے سے سیلاب کے خطرات سے دوچار آبادیوں کی آفات سے نمٹنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق منصوبے کے تحت لاڑکانہ میں دریائے سندھ کے دائیں کنارے واقع اولڈ آباد بند کو بہتر اور مضبوط بنایا جائے گا۔ منصوبے سے سیلاب سے تحفظ کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس موقع پر ایکسچینج آف نوٹس اور ریکارڈ آف ڈسکشن پر سیکرٹری اقتصادی امور حمیر کریم اور جاپانی سفیر اکاماتسو شوئچی نے دستخط کیے۔ گرانٹ معاہدے پر ایڈیشنل سیکرٹری اقتصادی امور سید قریشی اور جائیکا کے چیف نمائندے سکادا را تاکاکی نے دستخط کیے۔ سیکرٹری اقتصادی امور حمیر کریم نے کہا کہ جاپان پاکستان کا دیرینہ اور قابل قدر ترقیاتی شراکت دار ہے، جاپان کی مسلسل دوستی اور فراخدلانہ ترقیاتی معاونت قابل قدر ہے۔ حمیر کریم نے پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے جاپان کے پائیدار عزم کو سراہا اور کہا کہ جاپان کی جانب سے مسلسل ترقیاتی معاونت پاکستان کے لیے قابل قدر ہے۔ جاپانی سفیر اکاماتسو شوئچی نے کہا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دوستانہ تعلقات اور دوطرفہ تعاون مزید مضبوط ہوں گے۔

بقیہ اذان سحر 31

پیسے بچ جاتے ہیں، اگر ڈالر، ڈیزل اور خوراک نارمل ہو تو کراچی تک گزارا کرنا بھی انتہائی مشکل ہو جاتا ہے، اس لیے موجودہ معاشی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے اراکین اسمبلی کی تنخواہ کم از کم 10 لاکھ روپے ماہانہ ہونی چاہیے۔ ایک سوال پر ان لیگی رہنما نے اپنی والدہ کی سیاسی قربانیوں کا ذکر کیا اور کہا کہ ان کی والدہ نے ملکی سطح پر بے شمار اسٹریٹ پالیٹکس کی، جلسے جلوسوں میں شرکت کی، مقدمات بھگتے اور جیلیں کاٹیں، یہاں تک کہ انہوں نے جمہوری جدوجہد کے دوران گورنر ہاؤس کا گیٹ بھی گرایا۔ حقیقت یہ ہے کہ سیاست کے دل میں کوئی دل نہیں ہوتا۔ ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور جمہوریت کے مستقبل پر بات کرتے ہوئے شرمیلا فاروقی نے خبردار کیا کہ سیاسی قیادت اور اداروں کو انتہائی سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ ملک میں جمہوری اور آئینی سسٹم کو مضبوط اور مستحکم کرتے ہوئے اس بات کا بھی خاص خیال رکھنا چاہیے کہ کہیں یہ سسٹم مکمل طور پر ڈی ریل نہ ہو جائے۔

بقیہ اذان سحر 32

محدود اور دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے کوشش کی جا رہی ہے کہ بلیدہ سمیت پورے علاقے کے عوام کو جدید اور بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ تعلیم کے معیار اور نوجوانوں کے مستقبل پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے مطابق نوجوان کسی بھی معاشرے کا سب سے قیمتی سرمایہ ہیں اور انہیں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی ماحول اور ضروری سہولیات کی فراہمی علاقے کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے تعلیم کے شعبے میں مزید سہولیات اور مواقع پیدا کرنے کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ بلیدہ کے طلبہ و طالبات کو یونیورسٹی آف تربت تک باقاعدہ شٹل سروس کی سہولت فراہم کرنا اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جس کا مقصد نوجوانوں کو درپیش سفری مشکلات کم کر کے انہیں اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دینے کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔

بقیہ اذان سحر 33

بڑی تعداد میں بطور گواہ پیش ہوئے، جن کی معاونت وکلاء کی ٹیم نے کی۔ علاوہ ازیں، تحقیقاتی کمیشن نے محکمہ پولیس کی جانب سے جمع کرائی گئی رپورٹ کی روشنی میں انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کو ہدایت جاری کی کہ وہ فوری طور پر اپنا مفصل جواب جمع کروائیں، جس کے لیے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل نے مہلت کی استدعا کی۔ مزید برآں، گواہوں کو اپنی شہادتیں قلمبند کرانے کے لیے اگلی سماعت تک ایک اور موقع دے دیا گیا۔

بقیہ اذان سحر 34

مقامات پر سخت اقدامات کیے، جبکہ کارروائی کے دوران 19 افراد کو گرفتار کر لیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پروری کاشف امیر نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس کے خلاف کارروائی محکمہ ماحولیات کے نوٹس اور عدالتی احکامات کی روشنی میں عمل میں لائی جا رہی ہے اور کسی بھی فرد یا ادارے کو قانون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ غیر قانونی کرش پلانٹس نہ صرف قوانین کی خلاف ورزی کا باعث بنتے ہیں بلکہ ماحولیاتی آلودگی اور گرد و غبار میں اضافے سمیت عوامی صحت کے لیے بھی مسائل پیدا کرتے ہیں۔ اس لیے عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا گیا ہے۔

بقیہ اذان سحر 35

دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری صوبائی اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ بلوچستان شجاع علی، ایڈیشنل سیکرٹری PAC سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری قانون سعید اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری خزانہ سمیت متعلقہ محکموں کے دیگر افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں ایگزیکٹو انجینئر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈویژن (PHED) گوادر کے مالی سال 2018-19 سے 2020-21 کے دوران POL اور مرمت و بحالی کے اخراجات سے متعلق خصوصی آڈٹ رپورٹ، آڈٹ سال 2022-23 اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی مورخہ 29 مئی 2025 کی ہدایات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے رپورٹ میں نشاندہی کی گئی 590.813 ملین روپے کی غیر مجاز واجب الادا رقم Unauthorized (Liabilities) کے معاملے پر تفصیلی بحث کی۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق مذکورہ واجبات POL چارجز اور واٹر سپلائی اسکیموں کی مرمت و بحالی کی مد میں ایگزیکٹو انجینئر PHED گوادر کی جانب سے مجاز فورم کی پیشگی منظوری کے بغیر پیدا کیے گئے۔ کمیٹی کو بتایا گیا کہ متعلقہ عرصہ 2018 سے 2021 کے دوران تعینات رہنے والے متعلقہ ایگزیکٹو انجینئرز اجلاس میں موجود نہیں تھے، جس پر کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ متعلقہ افسران کو آئندہ اجلاس میں اپنا مؤقف پیش کرنے کا مکمل موقع دیا جائے گا۔ کمیٹی نے ہدایت کی کہ متعلقہ افسران آئندہ اجلاس سے قبل تمام ضروری ریکارڈ اور دستاویزی ثبوت محکمہ آڈٹ اور PAC کو فراہم کریں۔ اگر افسران اپنے مؤقف کو دستاویزات کے ذریعے ثابت کرنے میں کامیاب رہے تو متعلقہ پیرا کو نمٹانے پر غور کیا جائے گا، بصورت دیگر ذمہ دار افسران سے ریکوری عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں کمیٹی نے متعلقہ انجینئرز (ایکس ای اینز) پر گزشتہ ڈیڑھ سال پہلے پی اے سی کے احکامات پر تاحال عملدرآمد نہ کرنے، غیر ذمہ داری، عوام کی رقم کی غلط استعمال اور جواب دہ نہ ہونے مسلسل موقع فراہم کرنے کی بجائے 590.813 ملین روپے کی ریکارڈ میٹنگ کے عوامی رقم کو ضائع کرنے پر OSD کرنے کی ہدایت بھی جاری کی۔ اور ان کے خلاف رولز کے کارروائی کا حکم بھی دیا۔ اس موقع پر حمید گورگیج نے کہا کہ پی اے سی کو مجبور نہ کیا جائے ورنہ ان ایکس ای اینز کے خلاف ایف آئی آر درج کیا جائے گا۔ ان کو اینٹی کرپشن کے ذریعے پی اے سی میں پیش کرنے کا فیصلہ کیا جائے گا۔ صفیہ فضل نے کہا کہ ڈیڑھ سال میں محکمے نے پی اے سی کے احکامات پر عمل درآمد نہ کر کے کیا ثواب لیا کو موقع دینا فضول ہے۔ رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای اپنے آپ کو جوابدہ نہیں سمجھ رہا ہے جو کہ قابل تشویش ہے۔ کمیٹی نے یہ بھی واضح کیا کہ اگر تحقیقات کے نتیجے میں معاملہ سنگین نوعیت کا پایا گیا تو اسے قومی احتساب بیورو (NAB)، چیف منسٹر انسپکشن ٹیم (CMIT) یا اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان کو بھیجا جا سکتا ہے۔ اجلاس کے دوران کمیٹی اراکین نے 29 مئی 2025 کو جاری کردہ ہدایات پر تاحال مؤثر پیش رفت نہ ہونے پر سخت برہمی کا اظہار کیا۔ رکن کمیٹی فضل قادر مندوخیل نے کہا کہ 16 ماہ گزرنے کے باوجود محکمے کی جانب سے مسلسل مزید وقت طلب کیا جا رہا ہے۔ جبکہ کمیٹی اراکین اپنے دیگر اہم امور چھوڑ کر اس فورم پر عوامی مفاد میں بیٹھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی متعلقہ افسر واضح طور پر کمیٹی کے سامنے پیش نہیں ہوا تو محکمہ اس بارے میں واضح طور پر آگاہ کرے تاکہ کمیٹی قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لا سکے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ڈائریکٹوریٹ جنرل آڈٹ بلوچستان نے نومبر 2022 میں PHED گوادر کے ایگزیکٹو انجینئر کے اکاؤنٹس کا سال 2016 تا 2021 کے دوران POL اور مرمت و بحالی کی مد میں خصوصی آڈٹ کیا۔ آڈٹ کا مقصد محکمہ جاتی قوانین، قواعد و ضوابط اور مالیاتی طریقہ کار پر عملدرآمد، ٹینڈرز اور بولیوں کے عمل میں شفافیت، معاہدوں کے دوران مالیاتی اصولوں کی پابندی اور سرکاری فنڈز کے قواعد کے مطابق استعمال کا جائزہ لینا تھا۔ آڈٹ INTOSAI Auditing Standards کے مطابق کیا گیا۔ علاوہ ازیں بھی آڈٹ رپورٹ میں متعدد اہم بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی، جن میں 590.813 ملین روپے کی liabilities accrued اکاؤنٹس میں اندراج نہ کرنا، 23.967 ملین روپے انکم ٹیکس کی کٹوتی نہ کرنا، 492.363 ملین روپے کے ٹینڈرز طلب کیے بغیر غیر باقاعدہ اخراجات، خشک سالی کے دوران واٹر سپلائی اسکیموں کے آپریشن و مینٹیننس پر 38.426 ملین روپے کے غیر مجاز یا مشکوک اخراجات، جبکہ POL اور Lubricants کے اہم ریکارڈ اور اسٹاک اکاؤنٹس کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث 492.363 ملین روپے کے مشکوک اخراجات شامل ہیں۔ آڈٹ رپورٹ میں مزید نشاندہی کی گئی کہ متعلقہ ڈویژنل دفتر میں مالیاتی نظم و نسق کمزور تھا، ضروری ریکارڈ اور لاگ بکس کی مناسب دیکھ بھال نہیں کی گئی، اسٹاک رجسٹر مکمل طور پر برقرار نہیں رکھا گیا اور مجاز اتھارٹی سے ضروری منظوری حاصل کیے بغیر واجبات پیدا کیے گئے۔ اسی طرح اخراجات اور خریداری کے عمل میں حکومتی قواعد کی مکمل پاسداری نہ ہونے کے باعث مالی بے ضابطگیاں سامنے آئیں۔ کمیٹی نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا کہ بعض متعلقہ افسران نہ صرف ریکارڈ فراہم کرنے میں ناکام رہے بلکہ PAC جیسے اہم آئینی فورم کے اجلاس میں بھی پیش نہیں ہوئے۔ کمیٹی نے محکمہ کو ہدایت کی کہ آڈٹ پیراز پر اپنی پوزیشن، متعلقہ ریکارڈ اور وضاحت 15 روز کے اندر کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے۔ اجلاس کے اختتام پر کمیٹی اراکین نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ سیکرٹری متعلقہ محکمے کو مراسلہ ارسال کرتے ہوئے متعلقہ انجینئر اور دیگر ذمہ دار افسران کو آئندہ اجلاس میں پیش کرنے اور تمام ضروری ریکارڈ کمیٹی کے سامنے رکھنے کا پابند کریں، تاکہ معاملات کو قواعد و ضوابط کے مطابق منطقی انجام تک پہنچایا جا سکے۔ بصورت دیگر محکمہ کے خلاف سخت فیصلہ کیا جائے گا۔ اس بارے میں اسمبلی میں رپورٹ پیش کی جائے گی۔

بقیہ اذان سحر 36

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محدود وسائل کے بہترین استعمال، پانی کے بڑھتے دباؤ اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے پائیدار حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی ترقی کے منصوبوں میں زمین اور پانی کے وسائل کو مرکزی اہمیت دینا ہوگی جبکہ سائنسی تحقیق، جدید ٹیکنالوجی اور زمینی حقائق کی بنیاد پر پالیسی سازی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انکا کہنا تھا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مؤثر رابطے اور اداروں کے مابین بہتر کوآرڈینیشن کے ذریعے خوراک، پانی اور ماحولیاتی تحفظ سے متعلق چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قومی ورکشاپ اور تکنیکی ورکنگ گروپ کی سفارشات مستقبل کی پالیسی سازی میں اہم کردار ادا کریں گی۔ ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے درمیان توازن قائم کرنا اور آنے والی نسلوں کے لیے قدرتی وسائل کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ اذان سحر 37

گردیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ بلوچ کی نگرانی میں اکاؤنٹنٹ محمد اعجاز کھوسہ نے شہر کے مختلف علاقوں میں تنوروں کا معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران نان کی قیمت اور وزن چیک کیا گیا، جبکہ مقررہ سرکاری نرخ سے زائد قیمت وصول کرنے اور وزن میں کمی کرنے والے نان بائیوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں اور عوام کو مقررہ نرخ و وزن کے مطابق نان کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ یہ کارروائی کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اشیائے خورد و نوش کے سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کے لیے جاری مہم کا حصہ ہے۔ آئندہ دنوں میں اس حوالے سے مزید سختی برتی جائے گی۔

بقیہ اذان سحر 38

مالی معاملات، پیسہ کہاں سے آ رہا ہے، کہاں جا رہا ہے اور کس مقصد کے لیے استعمال ہو رہا ہے، اس سب کی نگرانی ہوگی۔ ڈی جی ڈی این ایف بی پی ہیڈ کوارٹرز پاکستان میں نگرانی کے اختیارات حاصل ہوں گے جبکہ ڈائریکٹر، ایڈیشنل ڈائریکٹر، ڈپٹی یا اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور انسپکٹرز کو بھی نگرانی کی ذمہ داریاں تفویض کر دی گئی ہیں۔ سونا چاندی کے تاجر، وکلا اور ڈاکٹرز اور اکاؤنٹنٹس سمیت دیگر شعبے زد میں آئیں گے۔ مختلف شہروں اور علاقوں کے لیے افسران کے اختیارات اور ذمہ داریاں واضح کر دی گئیں۔ اسلام آباد میں ایل ٹی او اسلام آباد آر ٹی او راولپنڈی اور گلگت بلتستان سے متعلق کیسز نگرانی کے دائرے میں ہوں گے۔ کراچی میں ایل ٹی او کراچی، کارپوریٹ ٹیکس دفاتر اور متعلقہ آر ٹی اوز کے ڈی این ایف بی پی کیسز شامل ہوں گے۔ لاہور کے دائرہ اختیار میں لاہور کے ساتھ سیالکوٹ، گوجرانوالہ، فیصل آباد، سرگودھا، ملتان، ساہیوال اور بہاولپور کے کیسز بھی شامل کر دیے گئے ہیں۔ کوئٹہ میں آر ٹی او کوئٹہ کے دائرہ اختیار والے کیسز جبکہ پشاور اور ایبٹ آباد کے آر ٹی اوز کے تحت آنے والے کیسز کی نگرانی کی جائے گی۔ ایف بی آر نے نگرانی کی ذمہ داریاں مختلف افسران میں تقسیم کر دی ہیں، تاہم ضرورت پڑنے پر کسی بھی افسر کو کسی بھی چارج کی ذمہ داری سونپی جا سکے گی۔

بقیہ اذان سحر 39

بہتری اور عوام کے حقوق کی سیاست کی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات وقت کی اہم ضرورت ہیں جب عوام کی حقیقی رائے کے مطابق نمائندے منتخب ہو کر سامنے آئیں گے تو ملک کے حالات میں بہتری آئے گی آج بلوچستان کی صورتحال یہ ہے کہ فارم 47 کے تحت مسلط کیے گئے نمائندے اپنے اپنے حلقوں میں جانے سے قاصر ہیں صوبے میں حالات کشیدہ جبکہ عوام میں خوف کی فضا پائی جاتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس ایم سی فارم اوتھل میں جمعیت علمائے اسلام لسبیلہ کے ضلعی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالمجید عارف اور ضلعی سیکرٹری اطلاعات حافظ حسین مدنی کے ہمراہ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نئے صوبوں کے قیام سے متعلق سوال کے جواب میں شام لعل لاسی نے کہا کہ اگر صوبے عوام کی رائے اور خواہشات کے مطابق بنائے جائیں تو اس میں کوئی حرج نہیں تاہم موجودہ صورتحال میں کوئی بھی سیاسی جماعت نئے صوبوں کے قیام کے حق میں نہیں ملک مزید تجربات کا متحمل نہیں ہو سکتا انہوں نے کہا کہ عوام کی رائے اور مرضی کے بغیر ایسے اقدامات سے گریز کیا جائے جن کے نتیجے میں عوام آپس میں دست و گریبان ہوں ملک کو نئے صوبوں سے زیادہ اچھی، مخلص اور عوام دوست قیادت کی ضرورت ہے اس لیے توجہ صوبے بنانے کے بجائے عوام کو بہتر قیادت فراہم کرنے پر دی جائے، ہنگلاج مندر میں ترقیاتی کاموں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے شام لعل لاسی نے کہا کہ ہنگلاج مندر میں اربوں روپے کے ترقیاتی کاموں کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں گزشتہ پانچ سال سے ہنگلاج مندر میں اربوں روپے کے ترقیاتی کاموں کے دعوے سننے آ رہے ہیں اگر ہر سال ایک ارب روپے کا ترقیاتی کام کیا گیا ہوتا تو پانچ سال میں پانچ ارب روپے کے کام مکمل ہو چکے ہوتے اور اتنی بڑی رقم سے ہنگلاج مندر اسلام آباد سے بھی زیادہ خوبصورت اور ترقی یافتہ بن چکا ہوتا، انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں کی یہ صرف ہیرا پھیری تک محدود ہے اور عوام کو صرف کاغذوں کے ذریعے گمراہ کیا جا رہا ہے۔ شام لعل لاسی نے کہا کہ ہنگلاج مندر میں سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی اسلم بھوتانی نے ہنگلاج پل اور چندر گپت روڈ سمیت حقیقی نوعیت کے ترقیاتی کام کروا کر یاتریوں کو سہولیات فراہم کیں جبکہ آج صرف دعوے کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ حال ہی میں چندر گپت روڈ کے لیے 15 کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ کی گئی تاہم بدقسمتی سے یہ سڑک 15 دن بھی نہ چل سکی اور پورا روڈ پانی میں بہہ گیا اتنی بڑی رقم خرچ ہونے کے باوجود ناقص منصوبہ بندی اور مبینہ بدعنوانی کے ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کے لیے مؤثر نظام نظر نہیں آتا، بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سوال پر شام لعل لاسی نے کہا کہ آئندہ سال ہونے والے بلدیاتی انتخابات میں جمعیت علمائے اسلام پارٹی فیصلے اور اتحادیوں کی رائے کے مطابق بھرپور حصہ لے گی انہوں نے کہا کہ اس مرتبہ ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کے پاس ترقیاتی فنڈز آئے ہیں تاہم یہ فنڈز مخصوص لوگوں کی خواہشات کے مطابق خرچ کیے جا رہے ہیں لسبیلہ میں جمعیت علمائے اسلام کے منتخب کونسلران بھی موجود ہیں لیکن ان کی مرضی اور تجاویز کے مطابق ترقیاتی فنڈز خرچ نہ کیا جانا افسوسناک ہے۔ شام لعل لاسی نے مشرقی دورے پر اوتھل پہنچے جہاں انہوں نے مختلف مقامات پر تعزیتیں کیں اور مختلف وفود سے ملاقاتیں کیں انہوں نے بعد ازاں اوتھل میں ہندو کمیونٹی کی جانب سے منعقدہ ایک پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت بھی کی۔

بقیہ اذان سحر 40

آئے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے اس کی آپریشنل اور انتظامی صلاحیتوں میں مزید بہتری لائی جائے تاکہ ادارہ صوبے میں فضائی سہولیات کے فروغ کے لیے مؤثر کردار ادا کر سکے۔ وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کمپنی کے امور میں شفافیت، پیشہ ورانہ نظم و نسق اور مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے جبکہ منظور کیے گئے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد کے لیے واضح میکانزم وضع کیا جائے۔ اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان، سیکرٹری خزانہ جہانگیر خان، ڈائریکٹر جنرل بلوچستان ایوی ایشن کمپنی سمیت بلوچستان ایوی ایشن کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اراکین اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ اذان سحر 41

میں خلل ڈالنے کی کوشش کو بروقت ناکام بنانا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور مستعدی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے واشک میں خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کامیاب کارروائی اور دہشت گردوں کے ٹھکانے کو تباہ کرنے پر بھی سیکیورٹی فورسز کو سراہا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ کارروائیوں کے دوران 11 دہشت گردوں کا خاتمہ اور 2.9 ٹن دھماکہ خیز مواد کی برآمدگی اہم کامیابی ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں عوام کے جان و مال کے تحفظ اور صوبے میں امن و استحکام کے لیے ناگزیر ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی انہوں نے کہا کہ "عزم استحکام" کے وژن کے تحت انسداد دہشت گردی کی مہم کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔ ریاست کی رٹ چیلنج کرنے والے عناصر کو کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن، ترقی اور خوشحالی کا راستہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے سے ہو کر گزرتا ہے، اور صوبائی حکومت اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ اذان سحر 42

رورل ہیلتھ سینٹر لہڑی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے مرکز صحت میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی حاضری کا جائزہ لیا اور تمام اسٹاف سے ملاقات کر کے مرکز صحت کی مجموعی کارکردگی اور عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مرکز صحت کے میڈیسن اسٹور، ای پی آئی سینٹر اور مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ متعلقہ ریکارڈ، ادویات کے اسٹاک اور انوینٹری کا بھی جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران بعض انتظامی اور ریکارڈ سے متعلق امور میں بہتری کی ضرورت محسوس کی گئی، جن کے حوالے سے متعلقہ عملے کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کی گئیں اور مطلوبہ اقدامات عمل میں لائے گئے۔ اس موقع پر اعلیٰ حکام کی جانب سے صحت کے شعبے میں بہتری اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی بروقت فراہمی سے متعلق ہدایات بھی مرکز صحت کے عملے تک پہنچائی گئیں۔ انہوں نے عملے پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیتے ہوئے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے کہا کہ ضلع کے تمام مراکز صحت کی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی کا سلسلہ جاری رہے گا تاکہ صحت کی سہولیات کو مزید مؤثر بنایا جا سکے اور عوام کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات فراہم ہوں۔

بقیہ اذان سحر 43

عرفان بشیر، بشپ وسیم فضل، بشپ امانت مسیح، آمر جان، طارق گل اور راج کمار بھی موجود تھے۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے امریکہ کے کامیاب دورے کے بعد وطن واپسی پر مبارکباد دینے پر تمام اقلیتی نمائندوں کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس سمٹ سے خطاب ہم سب کیلئے باعث اعزاز ہے۔ گورنر ہاؤس میں آپ سب کی آمد میرے لیے باعث خوشی ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے ٹھوس اور مؤثر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ اپنے نوجوانوں کی آواز کو دنیا کے سب سے بڑے عالمی فورم پر مختلف ممالک کے مندوبین کے سامنے اجاگر کرنا ایک قابل فخر عمل ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ امریکہ کے دورے کے دوران پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں ٹیکساس، ہیوسٹن اور لاس اینجلس میں منعقدہ تقریبات میں بھی شرکت کی۔ جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمارا تعلق بلاشبہ مختلف قوموں، مذاہب اور ثقافتوں سے ہے مگر ہم سب پاکستانی ہیں۔ آئین پاکستان کی نظر میں تمام شہری برابر ہیں۔ انہوں نے اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کو یقین دلایا کہ حکومت کا تعاون ہمیشہ ان کے ساتھ رہے گا اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے "مینارٹیز" کی اصطلاح کو تبدیل کر کے "اقلیتی پارٹنرز" کا نام دیا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی اور صوبائی قیادت کی جانب سے بھی کوشش کی جا رہی ہے کہ جو کمیونٹی ترقی کے عمل میں پیچھے رہ گئی ہیں، انہیں آگے لایا جائے اور انہیں مساوی مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اقلیت ہوں یا اکثریت، ہم سب ایک ہی ملک کے باشندے ہیں اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی میں سب کا برابر کا کردار ہے۔ آخر میں مختلف اقلیتی برادریوں کے نمائندوں کی جانب سے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی جبکہ دیگر نمائندوں نے انہیں ہار پہنائے۔

بقیہ اذان سحر 44

سرکاری ملازمین کی جانب سے SAP سسٹم میں تاریخ پیدائش کی درستگی کے لیے موصول ہونے والے کیسز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ ملازمین کے سروس ریکارڈ، شناختی دستاویزات، تعلیمی اسناد اور دیگر معاون دستاویزات کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ ریکارڈ میں موجود کسی بھی ممکنہ غلطی یا تضاد کو قواعد و ضوابط کے مطابق دور کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تاریخ پیدائش کی درستگی سے متعلق تمام کیسز کی مکمل چھان بین، دستیاب سرکاری ریکارڈ کی تصدیق اور ضروری دستاویزات کی باقاعدہ جانچ پڑتال کے بعد کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ملازمین کے سروس ریکارڈ میں درج کوائف انتہائی اہمیت کے حامل ہیں، اس لیے ریکارڈ کی درستگی کے معاملے میں کسی قسم کی غفلت، غیر ضروری تاخیر یا غیر مصدقہ معلومات کی بنیاد پر ترمیم سے گریز کیا جائے۔ اجلاس میں زیر غور کیسز پر متعلقہ قوانین، نافذ قواعد و ضوابط اور دستیاب سرکاری ریکارڈ کی روشنی میں غور و خوض کیا گیا، جبکہ متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ تمام کیسز کو مقررہ طریقہ کار کے مطابق مکمل دستاویزات کے ساتھ نمٹایا جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے اس امر پر بھی زور دیا کہ SAP سسٹم میں سرکاری ملازمین کا ڈیٹا درست، مکمل اور مستند ہونا چاہیے تاکہ مستقبل میں تنخواہوں، پنشن، ریٹائرمنٹ، سروس ریکارڈ اور دیگر سرکاری امور کے حوالے سے کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اجلاس کے اختتام پر متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ زیر التوا کیسز پر ضروری کارروائی تیز کی جائے اور تمام ریکارڈ کو مقررہ قواعد کے مطابق اپ ڈیٹ کرنے کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ اذان سحر 45

کے دوران گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کلیر پائیں، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول کلیر اپلو، گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سٹی بالا اور گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول سورو محلہ حرجو کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نے اسکولوں میں اساتذہ اور طلباء کی حاضری چیک کی جبکہ تدریسی عمل اور تعلیمی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ اس موقع پر طلباء سے سلیبس کے مطابق مختلف سوالات پوچھے گئے اور ان کی تعلیمی استعداد کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر لیاقت علی نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں قائم اسکولوں میں تعلیمی معیار، اساتذہ و طلباء کی حاضری اور تدریسی سرگرمیوں کی باقاعدگی کو یقینی بنانے کے لیے مسلسل نگرانی جاری ہے۔ الحمدللہ تحصیل لہڑی کے پرائمری اسکولز روز بروز بہتری کی جانب گامزن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ تعلیم کی جانب سے اسکولوں میں تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے اور طلباء کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ اذان سحر 46

انعقاد کیا گیا، جہاں بڑی تعداد میں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا اور ادویات فراہم کی گئیں۔ اس موقع پر کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے بات چیت کے دوران فوجی فاؤنڈیشن اور اٹک سیمنٹ کی انتظامیہ کی جانب سے علاقے کی بہتری اور عوامی فلاح کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو خصوصی طور پر سراہا اور ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اٹک سیمنٹ، جو فوجی فاؤنڈیشن کے زیر انتظام ادارہ ہے، مقامی آبادی کی فلاح و بہبود کے لیے قابل تحسین کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر اٹک سیمنٹ کے زیر اہتمام قائم سلائی کڑھائی تربیتی مرکز کا بھی افتتاح کیا گیا جہاں 20 مقامی خواتین کو تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ تربیت کی تکمیل پر خواتین کو سلائی مشینیں بطور تحفہ فراہم کی جائیں گی تاکہ وہ اپنے گھروں سے باعزت روزگار حاصل کر سکیں۔ تربیتی مرکز کی خواتین نے فوجی فاؤنڈیشن اور اٹک سیمنٹ کے اس اقدام کو بھرپور سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں اس سے قبل ایسے مواقع اور سہولیات میسر نہیں تھیں، جبکہ اٹک سیمنٹ نے انہیں ہنر سیکھنے، خود روزگار حاصل کرنے اور اپنے خاندانوں کی معاشی معاونت کا ایک باعزت موقع فراہم کیا ہے۔ اٹک سیمنٹ پاکستان لمیٹڈ فوجی فاؤنڈیشن کی فلاحی سوچ کے تحت، مقامی کمیونٹی کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنے CSR اقدامات آئندہ بھی جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ اذان سحر 47

معیار، حاضری، تدریسی نظام اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ کمشنر نے اساتذہ کی حاضری، وقت کی پابندی اور تدریسی معیار پر خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ طالبات کی تعلیمی استعداد میں بہتری، نظم و ضبط اور ہم نصابی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ کمشنر نے اسکول میں دستیاب بنیادی سہولیات کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو درپیش مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مناسب اقدامات اٹھانے کی ہدایات جاری کیں۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ تعلیم خصوصاً بچیوں کی تعلیم معاشرے کی ترقی اور روشن مستقبل کی بنیاد ہے، اس لیے سرکاری تعلیمی اداروں میں معیار تعلیم کو بہتر بنانے اور طالبات کو سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر اسکول کی انتظامیہ اور اساتذہ نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اسکول کے تعلیمی و انتظامی امور اور درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

بقیہ اذان سحر 48

علاقے کی مجموعی ترقی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈیرہ بگٹی، سوئی اور پورے علاقے کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنے کے لیے تاریخ ساز منصوبوں پر کام جاری ہے، جبکہ متعدد اہم منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں۔ حکومت بلوچستان علاقے میں تعلیم، صحت، ذرائع مواصلات اور روزگار کے مواقع کی فراہمی سمیت بنیادی سہولیات کی بہتری پر خصوصی توجہ دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ گیس کمپنیوں میں مقامی افراد کو روزگار کے مواقع کی فراہمی اور مقامی آبادی کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گیس کمپنیوں کے سوشل ریسپانسبلٹی اور بہبود کے فنڈز کو بھی عوامی مفاد کے منصوبوں پر خرچ کرنے کے لیے مؤثر حکمت عملی اختیار کی جا رہی ہے تاکہ ان وسائل سے مقامی آبادی کو براہ راست فائدہ پہنچ سکے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت ترقیاتی عمل کو محض اعلانات تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اقدامات کے ذریعے ڈیرہ بگٹی، سوئی اور ملحقہ علاقوں میں دیرپا ترقی کی بنیاد مضبوط کر رہی ہے۔ تعلیم اور صحت کے شعبوں کے ساتھ سڑکوں اور دیگر مواصلاتی ذرائع کی بہتری، روزگار کے مواقع اور عوامی سہولیات کی فراہمی کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ علاقے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس مقصد کے لیے دستیاب وسائل کو شفاف اور مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

بقیہ اذان سحر 49

اجلاس کے دوران ضلع بھر میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں موجود وسائل، ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور پیرامیڈیکل عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی سمیت مختلف اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ورجدرگل نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کی بروقت حاضری ہر صورت یقینی بنائی جائے تاکہ دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فرائض میں غفلت اور غیر حاضری کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور غیر حاضر ملازمین کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ غیر حاضری کی صورت میں قواعد و ضوابط کے تحت تنخواہوں سے کٹوتی بھی کی جائے گی۔

بقیہ اذان سحر 50

کے تمام کام منظور شدہ معیار، انجینئرنگ اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیے جائیں اور جدید آئی ٹی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ای کامرس و آئی ٹی لیب طلبہ کے لیے ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل مہارتوں اور آن لائن کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے متعلقہ ادارے باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنائیں۔

بقیہ اذان سحر 51

شاہ فہد کی نگرانی میں گوادر فشریز ڈیپارٹمنٹ کی فیلڈ ٹیموں کے ذریعے انجام دی جا رہی ہیں۔ اس دوران کشتیوں کی پیمائش، ساخت، ضروری دستاویزات اور متعلقہ ریکارڈ کی جانچ پڑتال کے بعد اہل کشتیوں کو رجسٹریشن نمبر الاٹ کیے جا رہے ہیں، جبکہ مقررہ ضوابط کے مطابق ماہی گیری کے لائسنس بھی جاری کیے جا رہے ہیں محکمہ فشریز کے مطابق کشتی کے سائز کے تعین کے بعد مقررہ چارجز وصول کر کے لائسنسنگ کا عمل مکمل کیا جائے گا۔ ماہی گیروں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مقررہ مدت میں اپنی کشتیوں کی رجسٹریشن، پیمائش اور لائسنس مکمل کرائیں تاکہ ماہی گیری کے شعبے کو مزید منظم اور ماہی گیروں کے لیے سہولیات کو بہتر بنایا جا سکے۔

بقیہ اذان سحر 52

وزیراعظم کی زیر صدارت اسلام آباد میں ایکسیس ٹو فنانس پلان 2026-28 کے جائزہ اجلاس میں وزیراعظم کے اپنا گھر پروگرام، زراعت اور چھوٹے و درمیانے کاروباری شعبے کے لیے قرضوں کی فراہمی سے متعلق اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ زرعی شعبہ ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے اور اس کی ترقی کیلئے اقدامات قومی ذمہ داری ہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ کسانوں کو مالی وسائل تک آسان اور بلا رکاوٹ رسائی فراہم کی جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کم آمدن اور متوسط طبقے کو سستے گھروں کی فراہمی حکومت کی ترجیح ہے۔ انہوں نے صوبائی چیف سیکرٹریز کو ہدایت کی کہ ایسی جائیدادوں کا جامع سروے کیا جائے جنہیں وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت گھر بنانے کے خواہشمند افراد کو بینک قرض فراہم کرنے کے لیے استعمال کیا جا سکے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ وزیراعظم اپنا گھر پروگرام کے تحت اب تک ایک لاکھ 47 ہزار 504 درخواستیں موصول ہو چکی ہیں، جن میں سے 53 ہزار 127 درخواستیں منظور کی گئی ہیں۔ منظور شدہ درخواستوں کی مجموعی مالیت 313 ارب 42 کروڑ روپے ہے جبکہ 8 ہزار 739 درخواست گزاروں کو 45 ارب 43 کروڑ روپے کے قرضے فراہم کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک بھر میں ایسے پلاٹس کی نشاندہی کے لیے نظام تیار کیا جا رہا ہے جو ان کی شرائط پر پورا اترتے ہوں۔ اس نظام کا پائلٹ منصوبہ اسلام آباد سے شروع کیا جائے گا۔ پروگرام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے معروف ہاؤسنگ ڈویلپرز کو بھی اس عمل میں شامل کرنے کا طریقہ کار وضع کیا جائے گا۔

بقیہ اذان سحر 53

پیٹرول پمپ مالکان کو ہدایت کی کہ پیمانے اور میٹر ریڈنگ میں کسی قسم کی بے ضابطگی یا ساز باز کو مقررہ مقدار سے کم پیٹرول کی فراہمی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حقوق کے تحفظ اور پیمانوں میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے پیٹرول پمپس کی چیکنگ کا سلسلہ آئندہ بھی بلاتعطل جاری رہے گا۔

بقیہ اذان سحر 54

میں بے روزگاری کے خاتمے، امن و امان کے قیام سمیت عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے جو سنجیدہ کوششیں جاری ہیں اس کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کے روز سول سیکرٹریٹ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ کے ترقی پانے والے ملازمین کو آرڈرز فراہم کیے جانے کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر تقریب کے دیگر شرکاء میں محکمہ آبپاشی کے افسران و اہلکاروں کے علاوہ کلرک یونین کے عہدیداران و دیگر لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ تقریب سے خطاب میں صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور صوبائی حکومت بے روزگاری کے خاتمے کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے، میر صادق عمرانی نے کہا کہ انکی وزارت کی ذمہ داری جب ملی تو انہوں نے لواحقین کوٹے کے تحت التواء کا شکار کیس پر کام شروع کروا کے اسی جگہ ایک پروقار تقریب میں 117 یتیم لواحقین کو تعیناتی کے آرڈرز فراہم کیے، انہوں نے کہا کہ کسی ضرورت مند حقدار کو نوکری یا ترقی کے آرڈرز دینا میرے لیے اعزاز کی بات ہے اور اس کام سے مجھے جو خوشی مل رہی ہے وہ میں بیان نہیں کر سکتا۔

بقیہ اذان سحر 55

سے بھی اسی نوعیت کے اقدامات پر غور کرنے کا خیر مقدم کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے امید ظاہر کی کہ یہ اقدامات مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں غیر قانونی کارروائیوں کو مسترد کرنے کا واضح اور دوٹوک پیغام دیں گے۔ ترجمان کے مطابق پاکستان فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی جائز جدوجہد کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور آئندہ بھی کھڑا رہے گا، پاکستان خودمختار، آزاد اور جغرافیائی طور پر متصل فلسطینی ریاست کے قیام کی تمام کوششوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ اذان سحر 56

دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر چمن نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور 21 ستمبر سے شروع ہونے والی مہم کے دوران ضلع چمن میں کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے مہم کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری اور بھرپور تعاون یقینی بنانے پر زور دیا۔

بقیہ اذان سحر 57

بیکری کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 6 فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس جاری کیے گئے۔ کارروائی کے دوران جنرل اسٹورز سے بغیر لیبل اور قابل سراغ فارمولا دودھ، زائد المیعاد مصالحے اور نان فوڈ گریڈ رنگ برآمد کیے گئے۔ مختلف مراکز میں اشیائے خورد و نوش کی ناقص اسٹوریج اور صفائی ستھرائی کے مسائل بھی سامنے آئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے بیکری کے معائنے کے دوران تیار شدہ اشیاء کی پیکنگ میں پرنٹ شدہ کاغذ کے استعمال، لیبلنگ پر مینوفیکچرنگ اور ایکسپائری تاریخ درج نہ ہونے، ناقص ذاتی و ماحولیاتی صفائی اور تیار شدہ خوراک کو مکھیوں و دیگر آلودگی سے محفوظ نہ رکھنے پر کارروائی عمل میں لائی۔ فوڈ سیفٹی ٹیم نے کاروباری مراکز کے مالکان کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ فوڈ سیفٹی، لیبلنگ، ٹریس ایبلٹی، اسٹوریج اور حفظان صحت کے مقررہ اصولوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنائیں۔ ٹیم نے واضح کیا کہ عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ اذان سحر 58

ڈویژن نے تربت سٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ ان منصوبے سے متعلق متعلقہ حکام سے تفصیلات دریافت کیں اور تعمیراتی کام کا موقع پر معائنہ بھی کیا۔ اس دوران انہوں نے منصوبے کی فزیکل پیش رفت، تعمیراتی معیار اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیتے ہوئے ضروری ہدایات بھی جاری کیں۔ بعد ازاں کمشنر مکران ڈویژن نے میونسپل کارپوریشن تربت کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور متعلقہ افسران سے ادارہ جاتی امور، جاری سرگرمیوں اور کارکردگی کے بارے میں بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر کمشنر مکران ڈویژن نے میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی اور شہری سہولیات کی بہتری سے متعلق امور کا بھی جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کے منصوبوں اور شہری خدمات کی فراہمی میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ اذان سحر 59

خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورجدرگل نے کہا کہ جدید اور معیاری تعلیم کے حصول کے بغیر کسی بھی معاشرے اور ملک کی حقیقی ترقی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ اگر ہم ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل ہونا چاہتے ہیں تو ہمیں تعلیم کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کرنا ہوگی کیونکہ علم، تحقیق اور جدید تعلیم ہی ترقی کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کرام معاشرے کے معمار اور نئی نسل کے مستقبل کے ذمہ دار ہیں ان کی ذمہ داری صرف نصابی تعلیم تک محدود نہیں بلکہ وہ طلباء کی اخلاقی تربیت، کردار سازی اور انہیں جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں خلوص، محنت اور پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ ادا کریں تاکہ طلباء کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ ایک بہتر اور مثبت مستقبل بھی فراہم کیا جا سکے ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری تعلیمی اداروں میں اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری کو یقینی بنایا جائے۔

گوادر پولیس میں 551 کانسٹیبلز کی بھرتی، ساحل سمندر پر مرد و خواتین امیدواروں کے جسمانی ٹیسٹ

گوادر پولیس بھرتی عمل میں میرٹ اور شفافیت یقینی بنانے کا عزم، سینئر پولیس حکام نے ٹیسٹ کی نگرانی کی

گوادر (آئی این پی) حکومت بلوچستان کی میرٹ پر مبنی شفاف بھرتی پالیسی کے تحت گوادر پولیس میں نئی بھرتیوں کا عمل جاری ہے۔ 551 کانسٹیبل آسامیوں پر بھرتی کے سلسلے میں جسمانی ٹیسٹ کے مرحلے کے دوران آج گوادر کے ساحل سمندر پر امیدواروں کی دوڑ کا انعقاد کیا گیا، جس میں مرد و خواتین امیدواروں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ امیدواروں نے مقررہ معیار کے مطابق جسمانی آزمائش میں حصہ لیتے ہوئے اپنی فٹنس، رفتار اور جسمانی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر امیدواروں میں پولیس فورس کا حصہ بننے کے لیے نمایاں

بقیہ 6 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

تربت: ڈپٹی کمشنر کیچ ضلع کیچ کے چیک پیجوراں کے ساتھ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خوست میں زرعی انکم ٹیکس سمیت دیگر ٹیکسز کی وصولی تیز کرنے کی ہدایت

ٹیکس وصولی میں غفلت برداشت نہیں ہوگی، ریونیو عملے کو روزانہ و ہفتہ وار پیشرفت رپورٹس جمع کرانے کا حکم

خوست ہرنائی (آئی این پی) اسسٹنٹ کمشنر خوست اسرار شاہوانی نے ریونیو عملے کے ساتھ ایک اہم جائزہ اجلاس کی صدارت کی، جس میں زرعی انکم ٹیکس (AIT) اور دیگر ضروری ٹیکسز کی وصولی میں اب تک ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے ٹیکس وصولی کے ہدف کو وقت پر پورا کرنے پر زور دیتے ہوئے ریونیو افسران اور فیلڈ سٹاف کو ہدایت کی کہ ریکوری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے۔ انہوں نے اس بات پر بھی شدید زور دیا کہ تمام سرکاری ریکارڈ کو جدید اور شفاف انداز میں مرتب اور محفوظ رکھا جائے تاکہ کسی قسم کی بے ضابطگی کا امکان نہ رہے۔ انہوں نے عملے کو واضح احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی کے لیے روزانہ اور ہفتہ وار بنیادوں پر پیشرفت رپورٹس Progress Reports) بلا تاخیر ارسال کی

بقیہ 24 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

مقامی مستحق خاندانوں کیلئے 100 گھروں کی تعمیر قابل تحسین فلاحی اقدام ہے، ڈی سی صحبت پور

صحبت پور میں او جی ڈی سی ایل کے 100 گھروں کی تعمیر کا جائزہ لیا گیا

صحبت پور (رخ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے او جی ڈی سی ایل (OGDCL) کی جانب سے مقامی لوگوں کے لیے تعمیر کیے جانے والے 100 سے گھروں کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا موقع پر جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے گھروں کی تعمیر میں استعمال ہونے والے میٹریل، تعمیراتی معیار، بنیادی سہولیات اور دیگر امور کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام اور تعمیراتی عملے کو ہدایت کی کہ منصوبے میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام کام مقررہ معیار اور طے شدہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کی تکمیل میں شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے تاکہ مستحق افراد کو بروقت معیاری اور محفوظ رہائشی سہولیات فراہم کی جا سکیں اور وہ اچھے سے تعمیر شدہ گھروں میں باعزت طور پر آباد ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ او جی ڈی سی ایل کی جانب سے صحبت پور کے

بقیہ 26 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

گوادر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری، والی بال و فٹسال گراؤنڈ کی تعمیر و بحالی مکمل

گوادر (رخ ن) صوبائی حکومت کی پالیسی کے تحت نوجوانوں کو صحت مند، مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، کھیلوں کے ٹیلنٹ کو فروغ دینے اور انہیں بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے گوادر میں کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اسی سلسلے میں ادارہ ترقیات گوادر نے جاپان والی بال اینڈ فٹسال گراؤنڈ کی تعمیر، توسیع، تزئین و آرائش اور بحالی کا کام مکمل کر لیا ہے۔ یہ منصوبہ ادارہ ترقیات گوادر

بقیہ 27 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

ضلع حب میں 2 لاکھ پودے لگانے کا ہدف مقرر

حب (آئی این پی) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں ضلع حب کے صنعتی ایریا سمیت ضلع بھر میں 2 لاکھ پودوں کی شجرکاری کا ہدف مقرر کیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت منعقدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد مندوخیل، ایس پی حب اور ڈپٹی ڈائریکٹر فاریسٹ شریک ہوئے۔ فاریسٹ حکام نے اجلاس کے شرکا کو بریفنگ میں بتایا کہ شجرکاری مہم کے تحت پہلے مرحلے میں ضلعی پولیس کے تعاون سے پندرہ ہزار پودے لگائے جائیں گے دوسرے مرحلے میں

بقیہ 21 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

عوامی خدمت اور مسائل کا بروقت ازالہ حکومتی بنیادی ترجیح ہے، وزیر لائیو اسٹاک

عوام اور منتخب نمائندوں کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنا کر علاقے کی ترقی اور عوامی مشکلات کے خاتمے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (رخ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی سے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور وفود نے ملاقات کی۔ اس موقع پر صوبے کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران مختلف وفود نے اپنے اپنے علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور مشکلات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کیں۔ سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو غور سے سنا اور متعلقہ امور کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ عوامی خدمت اور ان

بقیہ 18 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

لورالائی میں دس ویلر ٹرک کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق، 14 سالہ بیٹا شدید زخمی

لورالائی (آئی این پی) بلوچستان کے شہر لورالائی میں سردار اشرف ڈیٹیل کے قریب دس ویلر ٹرک کی موٹر سائیکل کو ٹکر کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ اس کا کمسن بیٹا شدید زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق حادثے میں بخت ولد سلطان قوم ناصر سکنہ پٹھان کوٹ لورالائی موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا، جبکہ اس کا تقریباً

بقیہ 20 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

یکطرفہ اقدامات متنازع جموں و کشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے، پاکستان

اسکا حتمی فیصلہ کشمیری عوام کی آزادانہ اور غیر جانبدارانہ رائے شماری سے ہونا چاہیے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان نے جموں و کشمیر سے متعلق بھارت کے بے بنیاد دعوے مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بھارت کے یکطرفہ اقدامات متنازع جموں و کشمیر کی حیثیت تبدیل نہیں کر سکتے، جموں و کشمیر کا تنازع اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود بین الاقوامی تنازعات میں سے ایک ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جموں و کشمیر تنازع اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر موجود قدیم

بقیہ 22 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

پاک فضائیہ کی اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں پر پوری قوم کو فخر ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کے شاہینوں نے 1965 کی جنگ میں دشمن کا غرور خاک میں ملایا۔ یوم فضائیہ پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ 7 ستمبر 1965 پاک فضائیہ کی غیر معمولی شجاعت اور بے مثال پیشہ ورانہ مہارت کا تاریخی دن ہے جبکہ سکواڈرن لیڈر ایم ایم عالم کی شجاعت پاکستان کی فوجی تاریخ کا سنہری اور ناقابل فراموش باب ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایم عالم نے چند لمحوں میں دشمن کے 5 طیاروں کو تباہ کرکے تاریخی کارنامہ سرانجام دیا۔ پاک

بقیہ 23 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

ماں اور بچوں کی صحت بہتر بنانا محکمہ صحت کی اولین ترجیح ہے، ڈی ایچ او ہرنائی

ہرنائی میں ماں اور بچے کی صحت کے ہفتے کا انعقاد، دور دراز علاقوں تک طبی سہولیات پہنچانے کے اقدامات تیز

ہرنائی (آئی این پی) ضلع ہرنائی میں ماؤں اور بچوں کی صحت کی بہتری اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں منائے جانے والے "ماں اور بچے کی صحت کے ChildandMother" (WeekHealth) کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (ڈی ایچ او) ہرنائی، نے ضلع ہرنائی کی نمائندگی کرتے ہوئے تمام اہم تقاریب اور مہمات میں فعال شرکت کی۔ انہوں نے فیلڈ سیٹ اور آگاہی

بقیہ 19 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

جعفرآباد: ڈی سی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر گنداخہ سول ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

گوادر میں موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے یو این ڈی پی اور جی ڈی اے کا تعاون

گوادر میں ماحول دوست اور پائیدار ترقی کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، ڈی جی جی ڈی اے

گوادر (آئی این پی) اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (UNDP) کی گوادر میں جاری سرگرمیوں سے وابستہ کنسلٹنٹ شاہ دانی نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ جی ڈی اے شاہد علی بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران یو این ڈی پی کے تحت گوادر میں جاری مختلف سرگرمیوں اور منصوبوں پر ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کو بریفنگ دی گئی۔ بتایا گیا کہ یو این ڈی پی کے ایک منصوبے کے تحت گوادر میں موسمیاتی تبدیلی کے شعبے میں سرگرم مقامی گروپس، نیٹ ورکس اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے لیے دو روزہ تربیتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ یو این ڈی پی کنسلٹنٹ نے بتایا کہ تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد گوادر میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے سرگرم مقامی

بقیہ 25 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

ڈی سی کوئٹہ جاری ترقیاتی منصوبوں اور جدید آئی ٹی لیب کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

محکمہ ماحولیات بلوچستان میں لواحقین کوٹہ کے تحت 6 امیدواروں میں تقرری آرڈرز تقسیم

سرکاری ملازمین ایمانداری سے فرائض انجام دیں تو سائلین کے مسائل جلد حل ہو سکتے ہیں، مشیر ماحولیات

کوئٹہ (رخ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین اپنے فرائض ایمانداری سے سرانجام دیں تو صوبے کے دور دراز سے آنے والے سائلین کے مسائل جلد حل ہو سکتے ہیں، محکمہ ماحولیات میں لواحقین کوٹہ کے تحت بھرتیوں کا مرحلہ احسن انداز میں مکمل کرنے پر محکمہ ماحولیات کے سیکرٹری، ڈی جی مبارکباد کے مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی کے زیر اہتمام لواحقین کوٹہ کے تحت تقرری آرڈرز تقسیم کرنے کے موقع پر کیا، اس موقع پر 6 امیدواروں کو لواحقین کوٹہ کے تحت ان کے تقرری نامے حوالے کیے گئے تقریب کی صدارت مشیر ماحولیات وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کی اس موقع پر سیکرٹری ماحولیات نور بہار، ڈی جی ماحولیات شہور بلوچ سمیت محکمہ کے دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر 6 لواحقین میں تقرری آرڈرز تقسیم کیے گئے،

بقیہ 29 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

5 لاکھ 20 ہزار تنخواہ میں گزارا نہیں ہوتا، 10 لاکھ ہونی چاہیے، شائلہ رانا کا مطالبہ

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ ن کی رکن قومی اسمبلی شائلہ رانا نے اراکین پارلیمنٹ کی مراعات اور موجودہ تنخواہوں پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ 5 لاکھ 20 ہزار روپے ماہانہ میں گزارا کرنا ناممکن ہو چکا ہے اور اراکین کی تنخواہ کم از کم 10 لاکھ روپے ہونی چاہیے۔ ایک انٹرویو میں اراکین قومی اسمبلی کو ملنے والے مالیاتی فوائد کے حوالے سے شائلہ رانا کا کہنا تھا کہ اراکین پارلیمنٹ کو جس قسم کے اخراجات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، موجودہ تنخواہ اس کے لئے بالکل ناکافی ہے۔ انہیں حکومت یا پارلیمنٹ کی طرف سے کوئی اضافی مراعات نہیں ملتیں، نہ رہنے کو گھر ملتا ہے، نہ گاڑی اور نہ ہی کوئی سرکاری ڈرائیور فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ میں خود آج کل ڈائیٹنگ پر رہتی ہوں، اس لیے مجھے کچھ

بقیہ 31 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

جاپان سندھ میں سیلاب سے بچاؤ کیلئے 16.4 ملین ڈالر کی گرانٹ دیگا

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان اور جاپان کے درمیان سندھ میں سیلاب سے تحفظ کے منصوبے کیلئے گرانٹ معاہدے پر دستخط ہو گئے۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق جاپان منصوبے کے لئے 2.58 ارب جاپانی ین کی گرانٹ فراہم کرے گا، جس کی مالیت تقریباً 16.4 ملین امریکی ڈالر

بقیہ 30 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

گنداخہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال، شہریوں میں خوشی کی لہر، تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری

گنداخہ (ایجنسیاں) گنداخہ شہر میں گزشتہ دنوں پانی کی قلت کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کے بعد شہر میں پانی کی سپلائی بحال کردی گئی ہے، جس کے بعد شہریوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پانی کی فراہمی شروع ہونے سے شہریوں کو درپیش پینے کے پانی کی مشکلات میں کمی آنے کی امید پیدا ہوگئی ہے۔ گنداخہ شہر میں پانی کی سپلائی بحال کرنے کے لیے صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی، ڈپٹی کمشنر رمضان پلال، میونسپل کمیٹی گنداخہ کے چیئرمین ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور انجینئر پبلک ہیلتھ شکر کی خصوصی کوششیں قابل تحسین ہیں، جن کی کاوشوں کے نتیجے میں شہر میں پانی کی فراہمی کا سلسلہ دوبارہ شروع ہوا۔ دوسری جانب گنداخہ شہر کے پانی کے تالابوں کو بھی بھرنے کا سلسلہ جاری ہے، تاکہ وافر مقدار میں پانی ذخیرہ کیا جاسکے اور آئندہ دنوں میں شہریوں کو پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا

بقیہ 28 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

مستونگ میں نامعلوم افراد کا پولیس تھانے پر دستی بم سے حملہ، ایک اہلکار زخمی

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں نامعلوم افراد نے پولیس تھانے پر دستی بم سے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں ایک اہلکار زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم افراد نے مستونگ میں پولیس تھانے پر دستی بم پھینکا، جس کے نتیجے میں دھماکہ ہوا اور ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا۔ پولیس ذرائع

بقیہ 27 نمبر صفحہ 3 پر ملاحظہ کیجئے

کوئٹہ: ایم ڈی پی پی ٹی اے ڈائریکٹر کے ہمراہ سٹاف ٹریننگ انسٹیٹیوٹ کا معائنہ کر رہے ہیں

عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائیں گے، میر سلیم کھوسہ

صوبے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں، وزیر مواصلات

کوئٹہ (ایجنسیاں) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مواصلاتی نظام کی بہتری، سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبے کے عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی اور دور دراز علاقوں کو مرکزی شاہراہوں سے منسلک کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے ملک کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں مضبوط، پائیدار مواصلاتی نظام کی اشد ضرورت ہے۔ بہتر سڑکیں نہ صرف عوام کو سفری سہولیات فراہم کرتی ہیں بلکہ صوبے میں تجارت، زراعت، صنعت اور روزگار کے مواقع کو بھی فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ حکومت اس حوالے سے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرتے ہوئے سڑکوں کے بنیادی ڈھانچے کو مزید بہتر بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ میر سلیم کھوسہ نے کہا کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں جاری سڑکوں کی تعمیر، توسیع اور مرمت کے منصوبوں پر پیش رفت کا مسلسل جائزہ لیا جا رہا ہے۔ متعلقہ محکموں اور افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات اٹھائے جائیں۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات نے

بقیہ 02 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

سوراب فیملی پارک میں لڑکوں اور غیر متعلقہ افراد کا داخلہ ممنوع، خلاف ورزی پر سخت کارروائی کا اعلان

خواتین اور بچوں کیلئے مختص فیملی پارک میں سکیورٹی سخت، املاک کو نقصان پہنچانے اور بدتمیزی پر کوئی رعایت نہیں ہوگی

سوراب (رخ ن) ضلعی انتظامیہ سوراب کی جانب سے BSDI کے تحت خصوصاً خواتین اور بچوں کے لیے قائم کیے گئے فیملی پارک میں نظم و ضبط اور سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے سخت اقدامات کا اعلان کیا گیا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق فیملی پارک خصوصی طور پر خواتین، فیملیز اور بچوں کے لیے مختص ہے، جہاں انہیں محفوظ اور پرسکون ماحول فراہم کرنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ حالیہ واقعے میں بعض نوجوانوں کی جانب سے رات کے وقت پارک میں غیر قانونی طور پر داخل ہو کر چوکیدار کے ساتھ بدتمیزی، مبینہ تشدد اور پارک کے جھولوں کو نقصان پہنچانے کا عمل انتہائی قابل مذمت ہے۔ انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ فیملی پارک میں لڑکوں اور غیر متعلقہ افراد کا داخلہ مکمل طور پر ممنوع ہے کوئی بھی شخص دیوار پھلانگ کر یا کسی دوسرے غیر

بقیہ 03 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

گوادر میں میر گلشن انٹرا ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول 2026 کا شاندار افتتاح

گوادر (آئی این پی) گوادر میں نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو نکھارنے، کھیلوں کے فروغ اور تعلیمی اداروں کے درمیان صحت مند و مثبت مسابقت کے ماحول کو پروان چڑھانے کے لیے میر گلشن انٹرا ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول گوادر 2026 کا باقاعدہ اور شاندار افتتاح کر دیا گیا۔ فیسٹیول کا افتتاح ڈائریکٹر ایجوکیشنل اسکولز ظہیر نوریزی نے کیا۔ میر گلشن انٹرا ایجوکیشنل اسپورٹس فیسٹیول گوادر کے زیر

بقیہ 04 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

صحبت پور: ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین او جی ڈی سی ایل کی جانب سے زیر تعمیر گھروں کا جائزہ لے رہی ہیں

بلوچستان میں کپاس کی پیداوار بڑھانے اور کاشت کا رقبہ وسیع کرنیکا فیصلہ

جدید ٹیکنالوجی، معیاری بیج اور مؤثر آبپاشی سے کپاس کی فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جائے، چیف سیکرٹری کی ہدایت

کوئٹہ (آئی این پی) صوبے میں کپاس کی پیداوار بڑھانے، کاشت کے رقبے میں وسعت اور جدید زرعی طریقوں کے فروغ کے لیے چیف سیکرٹری بلوچستان کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں cotton maximisation کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت داؤد خلجی نے کپاس کی موجودہ صورتحال، پیداواری امکانات، کاشتکاروں کو درپیش مسائل، جدید بیج، آبپاشی، زرعی مشینری، اور بہتر مارکیٹنگ کے اقدامات پر بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیف سیکرٹری بلوچستان نے کہا کہ

بقیہ 10 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

خروٹ آباد میں بھائی کے قتل کا واقعہ، پولیس نے ملزم کو 20 منٹ میں آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا

کوئٹہ (آئی این پی) خروٹ آباد کے علاقے میں فائرنگ کرکے سگے بھائی کو قتل کرنے والے ملزم کو پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 20 منٹ کے اندر آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ نیاز الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایات پر خروٹ آباد پولیس کو فائرنگ کے واقعے کی اطلاع ملی، جس پر ایس آئی او ایس ایچ او پولیس ٹیم کے ہمراہ فوری طور پر موقع پر پہنچ گئے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ملزم نعمت نے فائرنگ کرکے اپنے سگے بھائی حکمت کو قتل کر دیا۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم نعمت کو 20 منٹ کے اندر گرفتار کر لیا، جس کے قبضے سے واردات میں استعمال ہونے والا 9 ایم ایم پسٹول بھی

بقیہ 14 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

اسسٹنٹ کمشنر اورناچ کی کامیاب مداخلت، اورناچ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال واپس

اورناچ (رخ ن) اسسٹنٹ کمشنر کی مداخلت اور کامیاب مذاکرات کے بعد انجمن تاجران اور آل پارٹیز کی جانب سے دی گئی احتجاج اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال واپس لے لی گئی

بقیہ 15 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

پارلیمانی سیکرٹری قانون و پارلیمانی امور میر زرین خان مگسی سابق صوبائی وزیر رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے ان کے والد کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے، بخت کاکڑ

طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و طبی عملے کی موجودگی اور عوام کو بروقت علاج کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوئٹہ (ایجنسیاں) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو صحت کی بنیادی اور معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، صوبے کے تمام اضلاع کے سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں طبی سہولیات کی بہتری، ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز و طبی عملے کی موجودگی اور عوام کو بروقت علاج کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے میں موجود مسائل سے بخوبی آگاہ ہے اور ان کے مستقل حل کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت اقدامات اٹھا رہی ہے، دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام کو ان کی دہلیز پر صحت کی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، اس مقصد کے لیے ضلعی و تحصیل سطح کے ہسپتالوں کو مزید فعال اور بہتر بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ نے کہا کہ سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو بہتر ماحول، ضروری طبی آلات، ادویات اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی

بقیہ 06 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

ڈیرہ مراد جمالی بس اڈے میں تجاوزات اور بے ہنگم پارکنگ کا نوٹس، انتظامیہ کی فوری کارروائی کی وارننگ

نصیرآباد (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد [illegible] کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈومکی نے شہر کے مین بس اڈے کا دورہ کیا ان کے ہمراہ اہلکار بھی تھے جہاں انہوں نے بس اڈے میں قائم ناجائز تجاوزات اور ٹرانسپورٹرز کی جانب سے سڑکوں پر گاڑیاں کھڑی کرنے کا سختی سے نوٹس

بقیہ 08 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

لسبیلہ ڈویژن میں منشیات کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، بھرپور کریک ڈاؤن اور گرفتاریاں تیز کرنے کا فیصلہ

لسبیلہ (رخ ن) بلوچستان کو منشیات سے پاک کرنے کے لیے "ڈرگ فری بلوچستان" اور خصوصی طور پر "ڈرگ فری لسبیلہ" کے نام سے جامع پروگرام پر بھرپور عملدرآمد جاری ہے اس سلسلے میں کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کی زیر صدارت لیڈا کانفرنس ہال میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں حکومت بلوچستان کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشی کیخلاف زیرو ٹالرنس (سخت ترین پالیسی) اپنانے اور نشے کے عادی افراد کے مفت علاج اور بحالی کیلئے خصوصی مرکز قیام کے حوالے سے مختلف تجاویز پر غور کیا گیا نشے کی عادی خواتین کے علاج کے لیے الگ

بقیہ 09 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

خواتین کے مسائل براہ راست سننے کا باعزت پلیٹ فارم فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈی سی نصیرآباد

نصیرآباد (رخ ن) نصیرآباد ڈویژن میں پہلی مرتبہ ضلع نصیرآباد میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی قیادت میں خواتین کے مسائل کے حل کے لیے خصوصی کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا واضح رہے کہ آج ضلع نصیرآباد میں خواتین کو درپیش مسائل اور مشکلات کے فوری ازالے کے لیے پہلی مرتبہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کی جانب سے خواتین کے لیے خصوصی کھلی

بقیہ 12 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے طلبہ اور مختلف وفود کی ملاقات

عوامی مسائل کے بروقت حل اور نوجوانوں کو بہتر مواقع کی فراہمی پر زور

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی سے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کے دفتر میں طلبہ اور مختلف وفود کے نمائندوں نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفود نے اپنے مسائل، تجاویز اور مختلف امور سے متعلق صوبائی وزیر کو آگاہ کیا۔ میر ظہور بلیدی نے وفود کے مسائل اور تجاویز کو غور سے سنا اور متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کا بروقت ازالہ اور نوجوانوں کو بہتر مواقع کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ صوبائی وزیر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی نمائندوں اور شہریوں سے براہ راست

بقیہ 13 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

نصیرآباد میں بنو قابل سرٹیفکیٹ ایوارڈ تقریب، تربیت مکمل کرنیوالے طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم

یکساں تعلیمی نظام کے بغیر تعلیم کے معیار میں بہتری ممکن نہیں، مولانا ہدایت بلوچ

نصیرآباد (آئی این پی) ڈیرہ مراد جمالی صوبائی صدر تنظیم اساتذہ بلوچستان باز صابر نے بنو قابل نصیرآباد کے زیر اہتمام منعقدہ سرٹیفکیٹ ایوارڈ تقریب میں شرکت کی، جہاں تربیت مکمل کرنے والے طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ پروقار تقریب ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال میں منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت بلوچ تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت بلوچ نے کہا کہ ملک میں یکساں تعلیمی نظام رائج کیے بغیر تعلیم کے فروغ اور معیار میں خاطر خواہ بہتری ممکن نہیں۔ تعلیم ہی وہ بنیادی ذریعہ ہے جس کے ذریعے نوجوان نسل کو باصلاحیت، باکردار اور ملک و قوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی تعلیم کی بہتری، نوجوانوں کو جدید ہنر سے آراستہ کرنے اور بلا امتیاز خدمت خلق کو یقینی

بقیہ 01 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

اسسٹنٹ کمشنر خوست کا شاہرگ کا دورہ، آر ایچ سی اور اسکول میں سہولیات و عملے کی حاضری کا جائزہ

شاہرگ بازار میں گراں فروشی اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کی وارننگ جاری

شاہرگ ہرنائی (آئی این پی) اسسٹنٹ کمشنر خوست اسرار شاہوانی نے شاہرگ کا تفصیلی دورہ کیا، جس کے دوران انہوں نے رورل ہیلتھ سنٹر (RHC)، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اور مقامی بازار میں سروس ڈیلیوری اور انتظامات کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ آر ایچ سی شاہرگ کے دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر اسرار شاہوانی نے تمام طبی و غیر طبی عملے کی حاضری کا رجسٹر چیک کیا۔ انہوں نے ہسپتال میں بنیادی و ضروری ادویات کے ذخائر کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے مجموعی صورتحال کا خود جائزہ لیا اور انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو ادویات کی فراہمی میں کسی

بقیہ 05 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

خضدار میں جعلی ڈاکٹروں اور غیر رجسٹرڈ کلینکس کیخلاف کریک ڈاؤن، 10 جعلی کلینکس سیل

خضدار (رخ ن) ڈپٹی کمشنر خضدار کی ہدایات پر محکمہ صحت نے جعلی ڈاکٹروں، عطائی معالجین، غیر رجسٹرڈ کلینکس اور غیر قانونی ادویات کے خلاف خضدار شہر اور مضافاتی علاقوں میں بھرپور کریک ڈاؤن کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر ڈاکٹر عبدالحمید لانگو کی قیادت میں محکمہ صحت کی خصوصی ٹیم اسسٹنٹ کمشنر نال اور ڈرگ انسپکٹر کے ہمراہ کشان، کوشک کانک اور خضدار شہر کے مختلف جگہوں پر متعدد کلینکس اور طبی مراکز کا اچانک معائنہ کیا۔ کارروائی کے دوران قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے 10 جعلی کلینکس کو موقع پر سیل کر دیا گیا، جبکہ مختلف طبی مراکز میں موجود ادویات، رجسٹریشن اور طبی سہولیات کے قانونی و معیاری تقاضوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے واضح کیا کہ عوام کی صحت اور زندگی سے کھیلنے والے عناصر کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ جعلی ڈاکٹرز، عطائی معالجین،

بقیہ 07 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

جی او آر کالونی فٹبال گراؤنڈ کی مرمت و بحالی مکمل، خستہ حال میدان دوبارہ کھیلوں کا مرکز بن گیا

کھیلوں کے میدان آباد کرکے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جائے گا، مشیر کھیل مینا مجید بلوچ

کوئٹہ (آئی این پی) صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی خصوصی ہدایت پر جی او آر کالونی فٹبال گراؤنڈ کی مرمت و بحالی کا کام مکمل کر لیا گیا ہے، جس کے بعد طویل عرصے سے خستہ حالی کا شکار گراؤنڈ دوبارہ کھیلوں کی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا ہے۔ کبھی ویران، اجاڑ اور خستہ حال دکھائی دینے والا جی او آر کالونی فٹبال گراؤنڈ اب ایک خوبصورت اور فعال کھیلوں کے میدان میں تبدیل ہو چکا ہے، جہاں بچے اور نوجوان باقاعدگی سے فٹبال سمیت مختلف کھیلوں کی سرگرمیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ مرمت و بحالی کے کام کی تکمیل کے بعد صوبائی مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے گراؤنڈ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گراؤنڈ میں کھیلوں میں مصروف بچوں اور کھلاڑیوں سے ملاقات کی، ان سے گفتگو کی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کے حوالے سے ان کے مسائل اور ضروریات

بقیہ 11 نمبر صفحہ 2 پر ملاحظہ کیجئے

سوراب: ڈپٹی کمشنر ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں